۷۸۶

آئینہ کوثر

المعروف

عملیات سورۃ الکوثر



مصنف

الرّوحانی البرق

۷۸۶

آئینہ کوثر

المعروف

عملیات سورۃ الکوثر



مصنف

الرّوحانی البرق

Scanned with CamScanner

۷۸۶

جملہ حقوق پاک وہند میں محفوظ ہیں۔

نام کتاب:	آئینہ کوثر المعروف عملیات سورۃ الکوثر
مصنف	علامہ محمد سعد اللہ الروحانی البرق
کتابت	ڈیجیٹل کمپیوٹر کمپوزر بورے والا
مطبع	یثرب پرنٹنگ پریس بورے والا
تعداد	ایک ہزار (1000) .
اشاعت	صفر ۱۴۲۶ھ بمطابق مارچ 2005ء
قیمت:	-/100 روپے

ناشر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آئینہ کوثر المعروف عملیات سورۃ الکوثر

☆

قانون عملیات ، علاج جملہ امراض روحانی وجسمانی ، محبت ونفرت ، بندش وکشائش ، جادواور جنات کا علاج ، زکاتیں وتسخیر روحانیات سورۃ الکوثر ، جن پری ھمزاد وموکلات کی تسخیر ، طلسمات کواکب ، خواب نامہ

☆

از افادات

علامہ پیر محمد سعد اللہ الروحانی البرق

ماہر نفسیات وروحانیات ، عامل عملیات وتعویزات

سرپرست ادارہ شمس الروحانیات

Scanned with CamScanner

سورۃ الکوثر

کے

عملیات وتعویزات پر لکھی جانے والی ایسی کتاب جس میں ایک عام آدمی کو مضبوط عامل بنا دے اور ایک عامل کی زندگی میں پیش آنیوالے تمام مسائل کا حل صرف ایک ہی عمل سورۃ الکوثر سے جو عملیات کے قوانین کو مدنظر رکھ کر بارہا آزمودہ و مجرب عملیات پر مشتمل ہے جو بازار میں پائی جانیوالی دیگر تمام عملیات کی کتب سے بے نیاز کردیگی جسکا مطالعہ ہر عامل، خصوصاً مضبوط عمل کے متلاشی حضرات اور کاملین کی لائبریری کیلئے

اشد ضروری ہے۔

فہرست

نام موضوع	صفحہ نمبر	نام موضوع	صفحہ نمبر
حصہ نمبر 1		زکاتیں	21
انتساب	1	بطریقہ نصاب	30
اجازت کتاب	2	ضروری نوٹ	32
پیش لفظ	3	زکات نقوش وفق	33
لوازمات عامل	5	زکات نقوش تعویزات	37
ہدایات چلہ کشی	8	زکات مثلث و مربع	38
پرہیز جلالی و جمالی	9	**حصہ نمبر 2**	
پرہیز جمالی	13	طب کوثر	41
سعد و نحس تواریخ	14	باب الشفاء	42
ایام فارغہ و ملانہ	14	سر درد	42
بخورات یا دھونی	15	آنکھ درد	43
جنات و آسیب	15	امراض کان	45
محبت و حاضری مطلوب	16	امراض گلا	47
نفرت و عداوت	16	ٹونسلز و کنیڈو	47
مقہوری اعداء	16	امراض سینہ	49
ساعات لیل والنہار	17	امراض معدہ وجگر	50
شان نزول	18	درد گردہ	50
موضوع	18	بے اولادی	52
طاقت وچیلنج	18	بقائے اولاد و استقامت حمل	52

Scanned with CamScanner

نام موضوع	صفحہ نمبر	نام موضوع	صفحہ نمبر
جوڑ درد	52	باب العقود	92
درد دل و امراض دل	54	زبان بندی	92
کثرت احتلام و حیض	54	ہر بندش کیلئے ، نکاح باندھنا	94
علاج امراض روحانی	56	عقد الزنا و شہوت	96
جادو ٹریس کرنا طریقہ اول اور واقعہ	58	سفر باندھنا	99
دوسرا طریقہ	59	بندش کے متعلق طلسم	100
تیسرا طریقہ	59	بندش کے مطلق جنتر	102
علاج سحر	59	باب نفرت و عداوت	104
پہننے کیلئے	61	دفع حاسدان و دشمن	108
پینے کیلئے	63	آوارگی دشمن	114
دھونی کیلئے	65	**حصہ نمبر 4**	
جادو شکن دھونیاں	67	اعمال برکت و حصول رزق و مال	117
غسل و مالش	71	**حصہ نمبر 5**	
کیل و حصار	72	شرف قمر	126
حصہ 3		قمر کے چند طلسم	128
کتاب الحب	76	شرف شمس	128
عمل شادی	79	شمس کے چند طلسم	131
حاضری مطلوب و صلح وغیر	82	شرف عطارد و طلسمات عطارد	132
نوری سفلی عمل تعویزات برائے محبت	85	شرف عطارد و نقوش	133
منتر برائے حب سورۃ الکوثر	87	شرف زہرہ	134
نکاح و نسبت باندھنا	89	طلسمات زہرہ	136

نام موضوع	صفحہ نمبر	نام موضوع	صفحہ نمبر
شرف مریخ	137	جادو کی کاٹ و پلیٹ	171
طلسمات مریخ	142	آسیب و سایہ	172
شرف زحل	143	دیگر امور جات	173
طلسمات زحل	147	**حصہ نمبر 7**	
شرف مشتری	148	خواب اور تعبیر	174
دکان پر لگانے کیلئے نقش مشتری	150	زیارات	175
طلسمات مشتری	151	کھانے اور پینے کے خوابوں کی تعبیر	178
حصہ نمبر 6		باغات دیکھنا	179
حاضری و حاضرات	153	**حصہ نمبر 8**	
زیارت محمد رسول ﷺ	153	چند خطوط اور جوابات	181
شرائط عمل زیارت	153	خاص جواب ہر مسلمان کیلئے لمحہ فکر	185
موکل علوی عرشی و دیدار الٰہی	154	خط و کتابت کیلئے	198
تسخیر موکل ملکوتی	155		
تسخیر موکل سفلی	156		
شہنشاہ جنات	157		
حاضری جنات	159		
حاضری پری	160		
تسخیر ملکہ کوثر	162		
تسخیر ''کلوا'' حبشی بچہ	164		
حاضرات کبیر	166		
کمزور حضرات کیلئے انمول تحفہ	168		

Scanned with CamScanner

۷۸۶

آئینہ بدیع

المعروف

عملیات اسم یابدیع

صرف ایک ہی صفتِ الٰہی پر لکھی جانے والی ایک جامع کتاب جسمیں ایک عامل وروحانی پیشوا کوپیش آنے والے تمام مسائل کا مجرّب المجرّب حل موجود ہے اورعملیات تسخیر روحانیات،جنات ہمزاد، دمؤکلات کے طاقتور ترین اعمال دیے گئے ہیں تاکہ صاحب عمل وریاضت کو دیگر مختلف اعمال سے چھٹکارا حاصل ہو اور وہ صرف ایک ہی اسم "یابدیع" میں کامل ہستی بن کر مضبوط روحانیت کا کامل فیض عوام الناس کو پہنچانے کا ذریعہ بنے۔

انتساب

بحضور

سیدالانبیاء خاتم الرسُل

محمدؐ رسول اللہ

صلی اللہ علیہ والہ وسلم

ہماری اس کتاب میں اکثر عمل ذاتی طور پر آزمودہ و مجرب ہیں جوکہ ہمارے معمولات میں سے ہیں۔

کوئی بھی عمل کمزور یا ناقص نہیں ہے زندگی میں ایک عامل کو پیش آنے والے تمام مسائل کا حل موجودہ ہے۔

بندہ عاجز اللہ رب العزت کی مخلوق کیلیئے اس روحانی فیض کو عام کررہا ہے سیدنا محمدؐ رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے وسیلہ سے دست بدعاہوں کہ اللہ تعالی میری اس کوشش کوشرفِ قبولیت بخشے۔اوراپنی مخلوق کو مشکلات ومصائب اورتمام پریشانیوں کا حل اپنے قرآنی اعمال کی بدولت فرمائے۔میری اس کتاب کو اللہ رب العزت میرے لئے فلاح دارین بنائے۔ تابحد قیامت میرا روحانی فیض اللہ تعالی اپنی مخلوق میں جاری وساری رکھے اوردنیا کے ہرگوشے میں ہرانس وجن تک میرا یہ فیض پہنچائے

آمین ثم آمین!!

Scanned with CamScanner

اجازت کتاب

میری اس مکمل کتاب کی اجازت ہر اس شخص کو ہے جو

(۱) ۱۰۰۰۰ (دس ہزار) مرتبہ سورۃ الکوثر۔ یا

(۲) ۵۰۰۰ (پانچ ہزار) مرتبہ درود ابراھیمی یا

(۳) بارہ رکعت تہجد ۲+۲ رکعت کیساتھ رکعت اوّل میں ۷ مرتبہ سورۃ الکوثر اور رکعت دوئم میں ۷ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر، نوچندہ شب جمعہ کو مجھے ایصال ثواب کردے۔ ورنہ بذریعہ خط (ارسال نامہ) یا بالمشافہ اجازت حاصل کریں۔

نوٹ

اگر چہ بندہ نے ہر عمل کو مکمل وضاحت کے ساتھ بیان کیا ہے۔ لیکن باموکل عملیات میں نگاہ مرشد یا سرپرستی کامل بہت ضروری ہے احتیاط شرط اوّل ہے اس لیے کوئی بھی باموکل عمل یا حاضری کے عمل سے پہلے بذریعہ ارسال نامہ یا بالمشافہ ملنا بہتر اور سودمند ہے۔

اللہ رب العزت عمل کرنے کی اور سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین!!!

پیش لفظ

آج ہر عامل کی منشاء ہے کہ جو چاہوں کروں اور روحانیت کا وہ کمال درجہ مجھے حاصل ہو جائے کہ کوئی عمل خالی نہ جائے روحانیت میں سب سے آگے آگے ہوں طلسماتی قوتیں ہوں عجائیب وغرائیب کا مظہر بن جاوں۔

جس کے ذریعے سے میں روپیہ پیسہ کماؤں اور میری شہرت کا ڈنکا عروج پر ہو اس کیلئے وہ ہر قسم کے ناقص و سفلی اور الٹے سیدھے عمل کر بیٹھتا ہے اور اپنی دنیا اور آخرت کی زندگی برباد کر لیتا ہے۔ اور مختلف قسم کے عملیات کرنے کیوجہ سے کسی بھی عمل کی تہہ تک پہنچنا مشکل ہو جاتا ہے۔

کیونکہ جب کوئی عمل مسخر ہونے پر آتا ہے تو اس کو چھوڑ کر دوسرا پھر اسی طرح تیسرا پھر چوتھا یکے بعد دیگرے عمل بدلتے رہتے ہیں حرص اور جستجو بڑھتی رہتی ہے نتیجہ تمنا حسرت میں بدل کر رہ جاتی ہے۔ نہ عامل اپنے عمل کے مکمل خواص اور فوائد سے واقف ہوتا ہے نہ اسکے مکمل استعمال سے آگاہ ہوتا ہے ماسوائے دو چند فضائل و خواص کے۔ سفلی اعمال کی قرآنی اعمال کے سامنے کوئی حیثیت نہیں ہے۔ نہ طاقت میں، نہ مرتبہ اور کارکردگی میں، سفلی اعمال کا صرف ایک پراپیگنڈہ ہے۔

میری اس تحریر سے آپکو اندازہ ہو گیا ہوگا کہ میری اصل منشاء یہ ہے کہ عامل کوئی ایک عمل مضبوط کر کے اپنی زندگی کے تمام مسائل اسی عمل سے حل کرنے کی کوشش کرے اور سفلی عملیات سے نجات مل جائے تا کہ دنیا

Scanned with CamScanner

بھر کے عاملین کالے منتروں کو چھوڑ کر قرآن کی طرف راغب ہوں کیونکہ جو طاقت قرآن میں ہے کائنات کے کسی عمل میں نہیں ہے۔

مفہوم حدیث

میرے قرآن (عمل) کو تمام کتابوں (عمل) پر بالکل اسی طرح فوقیت حاصل ہے جسطرح مجھے تمام مخلوق پر اس سے آپ خود اندازہ لگا سکتے ہیں۔ تفصیل کی ضرورت نہیں ہے رزق جو قسمت ہے مل کر رہے گا۔

مال بقدر مقدار

دنیا کی طرف بھاگو گے تم ذلیل ہو جاؤ گے۔ اللہ کی طرف رجوع کرو گے تو دنیا ذلیل ہو کر قدموں میں گرے گی (یہ قانونِ قدرت ہے)
سب کچھ صرف اللہ رب العزت ہی کی ذات کر سکتی ہے۔ یہی قرآن کا اصل موضوع و مقصد ہے۔ اللہ رب العزت کرامات حالات کے مطابق اولیاء سے عین وقت پر سرزد کروا دیتے ہیں۔

اولیاء دعوے یا چیلنج نہیں کرتے۔ طریقہ کار اسلاف (اولیاء) کا اپناؤ تا کہ کامیاب ہو سکو تا کہ عمل بھی اپنی اصل طاقت کھول کر دکھا سکے۔

عقل مند کیلئے اشارہ کافی ہوتا ہے۔ وقت کا قطب صرف ایک عمل کی طاقت کے زور پر اللہ کی طرف مخلوق کو راغب کرتا ہے۔ قطب الاقطاب ان تمام علوم شرعی یا روحانی کو واضح کر دیتا ہے جسکی طرف مخلوق کا رجحان ہو یا جس کی ضرورت ہو اس دور میں۔ غوث دین کی مدد کرتے ہوئے مخلوق کو دین پر قائم کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ قلندر فکر اور سوچ پھونکتا ہے جس کی مخلوق کو ضرورت ہو یا جو کمی ہو اس دور میں۔ خیر بات کو ختم کرتا ہوں یہ میرا اصل

موضوع نہیں ہے۔ میں ذاتی طور پر اپنی نیت بیان کر چکا ہوں اللہ رب العزت عمل کا اجر نیت پر دیتے ہیں۔ اللہ رب العزت صحیح نیت اور عمل صالح کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔

آمین ثم آمین!!

لوازماتِ عامل

۱۔ با وضو با طہارت ہو۔ اکل حلال و صدق مقال رکھتا ہو۔

۲۔ جس وقت کوئی عمل پڑھنے بیٹھے یا تعویز لکھے۔ تو وسواس شیطانی اور خیالات لایعنی کو دل میں نہ آنے دے۔ جس مقصد کے لئے عمل کرے اس کو تصور کامل سے پیش رکھے ایسا نہ ہو کہ۔

برزبان تسبیح و در دل گاؤ خر ※ ایں چنیں تسبیح کے دارد اثر

۳۔ جن ایام میں عمل پڑھے۔ پرہیز موافق عمل جلالی یا جمالی کرے۔ کھانے کی چیزوں میں تاثیر بہت ہوتی ہے۔ جس سے نقصان کا احتمال ہوتا ہے۔ عمل پڑھتے وقت بدبودار چیز کی بو منہ سے نہ آتی ہو۔ جیسے لہسن یا پیاز اور تمبا کو وغیرہ اسی طرح تعویذ لکھتے وقت تمیز کرے۔

۴۔ عمل پڑھنے کے لئے جو وقت مقرر کرے، اس کی پابندی کرے۔ اختلافِ وقت سراسر نقصان ہے۔

۵۔ تعین مکان وجگہ بھی ضروری ہے اور لوازمات ضروریات عمل کے اکٹھا کرنے میں کوتاہی نہ کرے نہ ان کو کسی دوسرے کو استعمال کرنے دے۔

۶۔ جب باموکل ، جلالی عمل یا تعویز کے لئے بیٹھے۔ تو الحمد شریف۔ آیت الکرسی اور چاروں قل کو تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں کو انگلیوں پر دم کرے اپنے گرد حصار باندھ کر بیٹھے۔

۷۔ جب کسی عمل یا نقش کی زکات دے لے۔ تو ہر روز سات یا گیارہ مرتبہ یا زیادہ لیکن طاق مرتبہ ورد رکھے اور اس پر عادت کرے۔ جب تک مداومت کرے گا زکات قائم رہے گی۔ جتنے دن کا عمل کیا ہوگا اتنے دن تک مداومت ترک کر دینے سے زکات ختم ہو جاتی ہے اور عمل کی تاثیر جاتی رہتی ہے۔

۸۔ جو اسم یا دعا پڑھے۔ اگر حرف دعا کا یا حرف سر نام پڑھنے والے کا آتشی ہو تو مراد جلد بر آئے حرف آتشی و آبی میں عداوت ہے۔ چاہیے کہ جو کوئی اسم یا عمل شروع کرے۔ حرف اسم درست کر کے پڑھے یعنی عناصر اربعہ کی مطابقت کا خیال رکھے۔

۹۔ عمل کی اجازت صاحب عمل سے لینا اور سرپرستی کامل ضروری ہے۔ ورنہ اس کے کرنے سے نقصان اور فتور کا احتمال ہے۔

۱۰۔ عطریات، بخورات، قلم اور دیگر لوازمات عمل سے پیشتر مہیا کرے اور کامل اطمینان سے ہر چیز کو کام میں لائے۔ نقش و عمل جفر وغیرہ وقت سے پہلے مشق کر کے تیار کر لے ایسا نہ ہو کہ وقت پر کوئی الجھن پیش آئے۔

۱۱۔ عمل کرنے والا عاشق صادق ہو اور ایسا مضطرب کہ شروع میں ہی اس کا جواز موجود ہو۔

۱۲۔ جب عمل یا نقش شروع کرنے۔ تو اسم خود اسم مطلوب اسم خدا اور

موکلات کو نکال کر یکجا کر کے عزیمت بنائے۔ اور قسم دے۔

۱۳۔ جب عمل کو ختم کر لے۔ تو اس دعا و آیت کو تین مرتبہ پڑھے اور تعویز پر دم کرے۔

اللّٰھم اِنّی اسئلک علماً نافعاً وعملاً متقبلاً بفضلک ورحمتک یا سمیع یا علیم. فاستجاب لھم ربھم اَنّی لا اضیع عمل عاملٍ منکم من ذکرٍ او انثیٰ. بحق قولہ تعالیٰ ادعونی استجب لکم یا مجیب یا مجیب یا مجیب

۱۴۔ جب کام ختم کرے۔ تو ختم دلائے۔ عمل ختم کرے۔ تو نفل شکرانے کے پڑھے۔ پھر ختم دلائے۔

۱۵۔ بے وضو آیاتِ قرانی کاغذ یا تشتری پر لکھنا جائز نہیں۔

۱۶۔ بلا وضو اس کاغذ یا طشتری کو چھونا جائز نہیں بس چاہیے کہ لکھنے والا طشتری یا تعویز ہاتھ میں لینے والا اور اس کو دھونے والا سب باوضو ہوں۔ ورنہ گنہگار ہوں گے۔

۱۷۔ جب تعویز سے کام ہو چکے۔ تو اس کو قبرستان میں کسی احتیاط کی جگہ دفن کر دے یا جاری پانی میں بہا دے۔

۱۸۔ اور جب کسی نے تعویز کیئے ہوں۔ اور وہ کسی جگہ گھر یا دوکان میں پائے جائیں۔ خواہ وہ کسی بھی مقصد کے ہوں تو ان کو فوراً کچی لسی میں ڈال کر پانی میں بہانا چاہیے اور فوراً صدقہ دینا چاہیے اس لئے کہ صدقہ بلا کو کھا جاتا ہے۔ اور بہا کر آنے والا گھر آ کر نہائے۔ کپڑے بدلے پھر کوئی دنیاوی کام کرے۔

Scanned with CamScanner

ہدایات چلہ کشی

۱۔ کسی استاد کامل سے طریقہ اعمال سیکھے اور اجازت حاصل کرے اور جس طرح مرشد فرمائے۔ اس طرح سے کرے ذرا فرق نہ ہو اور یقین رکھے کہ جو مرشد نے فرمایا ہے وہ صحیح ہے ذرا شک دل میں نہ لائے۔ تب ضرور فائدہ کاملہ اور نتیجہ تامہ مرتب ہوگا۔ اگر بے اجازت کرے گا باوجودیکہ سب شرائط بجالائے مگر رجعت میں گرفتار ہونے کا اندیشہ ہوگا۔ دیوانوں کی طرح کوچہ بکوچہ مارے مارے پھرے گا۔ مگر کوئی علاج کارگر نہ ہوگا۔

۲۔ اکل حلال وصدق مقال وتفصیل طعام وتکبیر صوم، ادائیگی صدقہ طریقہ بنالے۔ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے پاک کر کھانا اپنا۔ تاکہ تمہاری دعا قبول ہو۔ لکھا ہے کہ اگر ایک لقمہ روزی حرام سے کسی کے پیٹ میں جاتا ہے۔ چالیس روز تک اس کی دعا قبول نہیں ہوتی۔ اور قلب میں کدورت آجاتی ہے۔

۳۔ شاغل کو واجب ہے کہ جب پڑھے نہ سستی پیدا ہو۔ نہ نیند غالب ہو۔ جب نیند غالب ہوگی۔ تو خشوع وخضوع نہیں رہے گا۔ محنت بھی برباد ہوگی۔

۴۔ جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے۔ جو کوئی جھوٹ بولتا ہے۔ اس کی زبان سے تاثیر جاتی رہتی ہے۔

۵۔ روزہ دار رہے۔ اس لیے کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ دعا

روزہ دار کی رد نہیں ہوتی۔

۶۔ قبل شروع کرنے عمل کے صدقہ ضروری ہے۔ اس سے مراد پوری ہوتی ہے، اور محتاجوں کا خوش کرنا خوشنودی حق تعالےٰ ہے اور رحمت الٰہی جوش کرتی ہے اور صدقہ دینے والا اللہ کا پیارا ہوجاتا ہے۔

۷۔ ترک حیوانات جلالی وجمالی تین روز قبل عمل شروع کرنے سے کرے۔ بدبودار چیزیں نہ کھائے۔ اس لئے کہ ملائکہ کو اس سے تکلیف ہوتی ہے۔ حضرت محمد ﷺ نے فرمایا کہ جو کوئی بدبودار چیز کھائے ہماری مسجد میں حاضر نہ ہو۔ کہ اس کی بو سے ملائکہ کو اذیت ہوتی ہے۔ جب کوئی شخص عمل پڑھنے بیٹھتا ہے تو موکل اس کے حاضر ہوتے ہیں۔ اگر اس کے منہ سے پڑھنے کے وقت بدبو نکلے گی تو موکل پریشان ہوکر بددعا کریں گے۔ عوض فائدہ کے نقصان ہوگا۔

۸۔ طہارت بدن وپاکیزگی لباس ومکان کا خاص خیال رکھے۔ غسل اور وضو کو اصول بنالے بغیر غسل کے عمل پڑھنا شروع نہ کرے اور ہمیشہ خیال رکھے کہ کپڑا ناپاک نہ ہو۔

۹۔ جس مکان میں بیٹھے نہایت صاف ہو۔ عوام الناس کا گزرگاہ نہ ہو۔ خوشبو سے مہکار ہے۔ زمین پر صرف بوریا یا مصلیٰ ہو۔ کمرہ میں اور کوئی سامان نہ ہو۔ چلہ میں وہیں سویا کرے۔ کہ اللہ کو عاجزی پسند ہے۔ خلوت گاہ میں روشنی کم ہو۔

۱۰۔ عامل کو چاہیے۔ جب عمل پڑھنے کا قصد کرے۔ تو اول گوشہ نشینی اختیار کرے۔ اور عوام کی عورتوں اور لڑکوں سے احتیاط کرے کہ صحبت کا اثر

Scanned with CamScanner

ہوتا ہے اور ان کے اختلاط سے باطن میں تاریکی پیدا ہوتی ہے اور قلب متوجہ برائے اللہ نہیں ہوتا مخلوق کی طرف رہتا ہے۔

۱۱۔ روبقبلہ بیٹھے حالت جلوس میں مثل قعود کے بیٹھے یعنی جس طرح نماز میں بیٹھ کر التحیات پڑھتے ہیں۔ اسی طرح بیٹھے اور نیت کرے کہ فلاں اسم یا آیت کی زکات اتنی کل تعداد کی ادا کر رہا ہوں روزانہ اتنی تعداد ہوگی اور اتنے دنوں میں ختم کر دوں گا۔ اے اللہ تکمیل کی توفیق دے اور اگر دو نفل اسی نیت سے ادا کرے تو بہتر ہوگا۔

۱۲۔ اعمال سے تاثیر ظاہر نہ ہو۔ تو عمل کو نہ چھوڑے برابر پڑھتا رہے مطلقاً اثر ظاہر نہ ہو۔ تب بھی نہ چھوڑے اور مایوس نہ ہو۔ یہ خیال دل میں قطعی نہ لائے کہ اتنے دن تک پڑھا ہے۔ کوئی اثر ہی ظاہر نہیں ہوا اب چھٹی دو۔ وقت ضائع نہ کرو۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ بے احتیاطی یا کسی اور فرد گزاشت کے سبب عمل میں نقص ہو جاتا ہے جب تک پوری پوری سب شرطیں ادا نہ ہوں گی اثر کچھ بھی ظاہر نہ ہوگا۔ مگر یہ محنت کلی طور پر ضائع نہ ہوگی۔ بلکہ تاثیر عمل میں کام دے گی۔ عامل کو لازم ہے کہ ثابت قدم رہے اگر کسی وجہ سے ایک چلے میں فائدہ مرتب نہ ہو۔ دوسرا چلہ شروع کر دے۔ اس طرح سے جب تک اثر ظاہر نہ ہو۔ پڑھتا رہے اور یقین دل میں رکھے کہ ضرور فائز المرام ہوگا۔

جب کسی عمل کے متعلق لکھا ہوتا ہے کہ ایک چلہ کی تعداد اتنی ہے۔ تو اس کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ صرف ایک چلہ میں ہی کامیابی ہوگی۔ جس طرح کوئی دوا ایک شیشی خرید کر لائیں تو اس کا یہ مطلب نہ ہوگا کہ ایک شیشی

کھانے سے آرام آ جائے گا۔ ممکن ہے۔ دو کھانی پڑیں یا تین تک فائدہ ہو۔ اس طرح عمل میں ایک چلہ اور اس کی تعداد ایک تعین ہے عین ممکن ہے اسی میں کام ہو جائے۔ ورنہ کم از کم تین چلہ تک ضرور عمل کرنا چاہیے۔

۱۳۔ شروع و ختم عمل پر درود شریف طاق مرتبہ پڑھا کرے۔ ۱۱ مرتبہ پڑھے تو انسب ہے کیونکہ اسم محمد کے عدد ۹۲ کا مفرد ۱۱ ہے۔ منقول ہے کہ دعا بندے کی مقبول نہیں ہوتی جب تک درود نہ پڑھے میں نے یہ بھی پڑھا ہے کہ درود شریف کے پر ہوتے ہیں اول آخر پڑھنے سے عمل یا دعا کو دو پر لگ جاتے ہیں چونکہ درود شریف کے لئے اللہ پاک کا وعدہ ہے کہ پیغمبر ﷺ کو پہنچانے کا خاص انتظام ہے۔ اس لئے دعا بھی ضرور قبول ہو جائے گی۔

۱۴۔ اپنے کھانے پینے کے برتن علیحدہ رکھے۔ اور اپنے کپڑے جو عبادت و عمل کے لئے خود دھوئے عامل اپنی چیزوں کو کسی دوسرے شخص کو استعمال نہ کرنے دے۔

۱۵۔ عمل پڑھنے کے لئے جو وقت مقرر کرے اس کی پابندی کرے۔ اختلافات وقت سراسر نقصان ہے۔

۱۶۔ تعین مکان و جگہ بھی ضروری ہے۔ اختلاف مکان ہرگز جائز نہیں ہے۔

۱۷۔ جب چلہ ختم کرے۔ تو ختم پر نفل پڑھے اور ختم دلائے۔ پھر کم از کم ایک ہی تعداد مقرر کرے۔ جو روزانہ پڑھتا رہے اور سختی سے اس پر مداومت کرے۔

Scanned with CamScanner

۱۸۔ عمل عموماً جمعرات کو شروع کرتے ہیں۔ اور خصوصاً نوچندی جمعرات کو۔ میں یہ بتادوں کہ نوچندی جمعرات کسے کہتے ہیں۔ کیونکہ اکثر لوگ اس کی تلاش میں غلطی کرتے ہیں۔

یاد رہے کہ چاند چڑھنے کے پہلے تین دن سُوتک کے ہوتے ہیں ان میں جو جمعرات آئے گی وہ نوچندی نہ ہوگی۔ بلکہ چار تاریخ سے دس تاریخ کے اندر جو پہلی جمعرات ہوگی وہ نوچندی ہوگی۔ خواہ ۴ کو ہی آجائے۔ یا اس کے بعد۔ اسی طرح دوسرے نوچندی دنوں کو سمجھیں۔

۱۹۔ اگر کوئی خاص ورد یا وظیفہ ہو۔ اور وقت مقررہ پر نہ پڑھ سکے۔ تو اس کو چاہیے کہ جس وقت فرصت ملے پڑھ لے۔ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ جس کا رات کا وظیفہ قضا ہوجائے۔ وہ اسے نماز فجر اور ظہر کے درمیان پڑھ لے۔ تو اس کا شمار رات ہی کے پڑھنے میں شامل رہے گا۔

پرہیز جلالی و جمالی

پرہیز جلالی:

ترک حیوانات سے مراد یہ ہے کہ عامل گوشت ہر قسم، مچھلی، انڈا، شہد، مشک، کشتہ، سیب کا استعمال ترک کردے۔ چمڑے کے برتن میں پانی نہ پیئے۔ ریشمی کپڑا نہ پہنے۔ چمڑے کے جوتے نہ پہنے۔ غرضیکہ اور بھی جو چیز حیوانات سے بنتی ہے۔ اور پیدا ہوتی ہے قطعی ترک کردے۔ اس طرح وہ چھری یا چاقو یا استرا وغیرہ جس پر ہاتھی دانت یا شیر ماہی یا سینگ کا دستہ ہو۔ استعمال نہ کرے۔

جماع کرنا، بال تراشنا، ناخن اتارنا بھی منع ہے۔ لیکن بعضوں نے لکھا ہے کہ سنت بال مثل بغل، لب، پاکی اور ناخن اتارنا کر سکتے ہیں۔ ہاں اہتمام نہ کرے۔ جس قدر ممکن ہو۔ پرہیز ہی کرے تو اچھا ہے۔

سرکہ، پیاز، ترب، الگوزہ، خودساختہ نمک، خرما، عنبر کا استعمال بھی نہ کرے اور کوشش کرے کہ پھل کسی قسم کا استعمال نہ کرے کیونکہ پھلوں پر مکھیاں بیٹھتی ہیں۔ روغن کنجد روغن سرشف بھی نہیں کھانا چاہیے۔

عامل اپنے بستر پر کسی کو نہ سونے دے۔ نہ وہ کسی کے بستر پر سوئے۔ بلکہ زمین پر بستر بنائے۔ اور عمل کے دوران جن برتنوں کا استعمال کرے وہ بھی الگ رکھے۔ اور کسی کو استعمال نہ کرنے دے۔

عامل کے لئے لازم ہے کہ روزانہ غسل کرے۔ اگر ایسا نہ کر سکے تو طہارت و پاکیزگی کا انتہائی خیال رکھے۔ ہر وقت باوضو رہے۔ اگر طاقت جسمانی اچھی ہو تو ہر روز روزہ رکھے۔ ورنہ سوموار اور جمعرات کا ضرور روزہ رکھے۔

کپڑا ایسا پہنے جو سلا ہوا نہ ہو اور عمل میں کسی خاص لباس کا اشارہ نہ ہو تو اپنے ستارہ کے مطابق رنگ کا کپڑا لے۔ اس بات میں بھی احتیاط رکھے کہ جسم سے خون نہ نکلے۔ کسی درخت کا پتہ، شاخ، پھل، پھول وغیرہ نہ توڑے۔ گھوڑے یا کسی جانوروں کی سواری نہ کرے۔ اگر عمل کے دوران کسی کو اپنی خدمت کے لئے مقرر کرے تو وہ پرہیزگار اور نمازی ہو۔

پرہیز جمالی:

گوشت ہر قسم، مچھلی، سرکہ، شہد، پیاز، لہسن استعمال نہ کرے۔

جماع سے پرہیز کرے۔جسم اور کپڑے کی صفائی ہر وقت رہے۔ بلکہ باوضو رہے۔دودھ۔لسی بھی نہ پیئے مگر بناسپتی گھی، پھل، میوے، روغن کنجد اور سرشف کی پابندی نہیں ہے استعمال کرسکتا ہے۔ برنج، دال مونگ کا استعمال کرے۔ حجامت کرنا، ناخن اتارنا، سلا ہوا کپڑا پہننا، جانور کی سواری کرنا اور جانوروں سے بنی ہوئی یا پیدہ شدہ اشیاء کا استعمال بھی ممنوع نہیں۔

سعد و نحس تواریخ

جس وقت ماہ انتخاب کرلیں۔تو اس میں ان تواریخ کا خیال رکھیں جو اس ماہ میں عمل یا زکات کیلئے سعد نہیں ہیں۔ان تاریخوں میں شروع نہ کریں۔

محرم	۱۱-۱۴	رجب	۱۱-۱۲-۱۳
صفر	۲-۱۱-۲۰	شعبان	۱۴-۲۰-۲۶
ربیع الاول	۴-۱۰-۲۰	رمضان	۳-۱۲-۲۴
ربیع الثانی	۱-۱۱-۲۸	شوال	۲-۶-۸
جمادی الاول	۱۰-۱۱-۲۸	ذی قعد	۲-۶-۸
جمادی الثانی	۱-۱۱-۲۸	ذی الحجہ	۸-۲۰-۲۸

ایام فارغہ وملانہ

علمائے جفر کے نزدیک یہ ایام بہت معتبر ہیں۔دراصل اعمال جمالی کو ایام ملانہ میں کرتے ہیں اور اعمال جلالی کو ایام فارغہ میں کرتے ہیں۔

تقسیم ان کی یہ ہے یہ قمری تاریخیں ہیں اعمال جفر میں ان کا لحاظ کیا جاتا ہے۔

۱-۲-۳-۴-۵	ایام فارغہ
۶-۷-۸-۹-۱۰	ایام ملانہ
۱۱-۱۲-۱۳-۱۴	ایام فارغہ
۱۵-۱۶-۱۷-۱۸	ایام ملانہ
۱۹-۲۰-۲۱	ایام فارغہ
۲۲-۲۳-۲۴	ایام ملانہ
۲۵-۲۶	ایام فارغہ
۲۷-۲۸	ایام ملانہ
۲۹	ایام فارغہ
۳۰	ایام ملانہ

بخورات یا دھونی

مختلف عملیات میں عملیات کے متعلقہ دھونی دی جاتی ہے۔سعد عملیات میں بخورات اور قسم کے ہوتے ہیں اور نحس عملیات میں مختلف دھونی جلاتے ہیں۔مگر ہم اس کتاب کے متعلقہ اعمال کے مطابق چند دھونیاں درج کررہے ہیں۔جو متعلقہ عمل کی روحانیت کو متوجہ اور مانوس کرتے ہوئے تاثیر کوزود اثر اور قوی الاثر کا کام سرانجام دے گی۔

جنات وآسیب

جنات وآسیب وغیرہ کو دفع کرنے کے لئے مندرجہ ذیل بخورات میں سے دھونی دیں۔گوگل، اجوائن، ہرمل، لوبان وغیرہ کی دھونی دینا بہتر ہے۔

Scanned with CamScanner

محبت وحاضری مطلوب

چونکہ محبت وعشق کے اعمال کا تعلق سعد عملیات سے ہے لہذا لوبان کی دھونی بہتر ہے اگر مطلوب کے ستارہ کے متعلق کوئی بخور شامل کر لیا جائے تو تاثیر کو قوت بخشتا ہے۔ بشرطیکہ ستارہ سعد ہو

نفرت وعداوت

اعمال بغض و جدائی کا تعلق نحس عملیات سے ہے۔اس میں ہینگ کی دھونی عمل کی تاثیر کو قوت بخشتی ہے۔

اگر جانبین کے ستاروں میں سے کسی نحس ستارے کی دھونی شامل کر لی جائے تو جلد رزلٹ کی حامل ثابت ہوگی۔ ورنہ مریخ یا زحل کا بخور شامل کر لیں۔

مقہوری اعداء

دفع دشمنان وحاسدان وغیرہ کے عملیات کا تعلق نحس ترین اعمال سے ہے ان میں ہمارا معمول مندرجہ ذیل بخور رہے۔کوڑا کرکٹ (روڑی) سے حاصل شدہ گوبر، بھوسہ، تنکے وغیرہ کے ساتھ ہینگ اور پیاز کے چھلکوں کی دھونی ہے۔

ساعات لیل والنہار

(طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک)

ہر دن کا پہلا ستارہ اس دن کا بادشاہ ہوتا ہے۔ باقی ستارے اس کے ماتحت ہوتے ہیں۔

دن	پہلا گھنٹہ	دوسرا گھنٹہ	تیسرا گھنٹہ	چوتھا گھنٹہ	پانچواں گھنٹہ	چھٹا گھنٹہ	ساتواں گھنٹہ	آٹھواں گھنٹہ	نواں گھنٹہ	دسواں گھنٹہ	گیارہواں گھنٹہ	بارہواں گھنٹہ
جمعہ	زہر	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
سوموار	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد

(غروب آفتاب سے طلوع آفتاب تک)

ہر رات کا پہلا ستارہ اس رات کا بادشاہ ہوتا ہے۔ باقی ستارے اس کے ماتحت ہوتے ہیں۔

شب	پہلا گھنٹہ	دوسرا گھنٹہ	تیسرا گھنٹہ	چوتھا گھنٹہ	پانچواں گھنٹہ	چھٹا گھنٹہ	ساتواں گھنٹہ	آٹھواں گھنٹہ	نواں گھنٹہ	دسواں گھنٹہ	گیارہواں گھنٹہ	بارہواں گھنٹہ
جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
ہفتہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
اتوار	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
سوموار	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
منگل	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
بدھ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
جمعرات	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل

Scanned with CamScanner

شانِ نزول سورۃ الکوثر

اہل مکہ کے مخالفین وحاسدین نے آپ ﷺ کو طعن کرتے ہوئے ابتر کہا یعنی بے اولاد بے نام ونشان وغیرہ۔ اس بات کا آپ ﷺ کو بہت رنج ہوا اور دل کو صدمہ پہنچا جس پر اللہ رب العزت نے سورۃ کوثر اتاری جس میں آپ ﷺ کی تعریف کی گئی، خوشخبری سنائی گئی، اور اپنے اعمال میں مگن رہنے کی تلقین کی گئی، اور مخالفین اور حاسدین، طعنہ وتشنیع کرنے والوں کو بددعا دی۔

یعنی اس صورت میں ہر چیز موجود ہے اور یہ صورت ہر لحاظ سے کامل ہے۔ جس میں ہر پہلو اور موضوع کو واضح کیا گیا ہے۔

موضوع

اس کتاب کا موضوع سورۃ الکوثرؔ ہے جسمیں 3 آیات، ایک رکوع، جو پارا 30 ویں میں سورۃ نمبر 31 ہے۔ اور قرآن کی 114 سورتوں میں 108 ویں سورۃ ہے۔

طاقت وچیلنج

جب یہ سورۃ اتری تو ایک صحابی (   ) نے یہ سورۃ مسجد الحرام میں لکھ کر لٹکا دی چونکہ عرب میں رواج تھا کہ جو کوئی بہترین اشعار کہتا وہ مقابلہ وچیلنج کیلئے مسجد الحرام میں لکھ کر دیوار پر لٹکا دیتا تا کہ دوسرا مد مقابل اس سے بڑھ کر اشعار کہے۔ لہذا جب یہ سورۃ لکھی گئی تو اہل مکہ حیران وششدر رہ گئے اور مقابلہ بالکل نہ کر سکے جیسا کہ اللہ رب العزت نے قرآن میں فرمایا یہ قول بشر نہیں ہے۔ یہ تو ایک آیت بھی

نہیں بنا سکتے۔

یہ کفار مکہ کی بہت بڑی شکست تھی اور طعن وتشنیع کرنے والوں کو بددعا کیساتھ آپ کی تعریف اور اپنے کام میں مگھن کا حکم اور دشمنوں کا منہ توڑ جواب اس سورۃ میں موجود ہے۔

یہ سورۃ ہر لحاظ سے کامل ہے۔ اس سورۃ کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ جو اس سورۃ کو پا گیا گویا کائنات کا ایک بہت بڑا خزانہ اسکے ہاتھ لگ گیا۔

اللہ تعالی صاحب فضل کو سمجھنے کی توفیق دیتا ہے لہذا رحمت خدائے عزوجل مانگو کیونکہ اس میں خیر کثیر موجود ہے اور بہت بڑی حکمت بھی جو صاحب ریاضت اور حامل سورۃ ہذا پر خود بخود منکشف ہوتی چلی جائینگی قلم عاجز ہے سب کچھ بیان کرنے سے صرف سمجھانے کیلئے کہ اگر تمام زندگی بندہ اس سورۃ کے عجائیب وغرائیب بیان کرتا رہے تو ختم نہیں ہوں گے میری اس بات کا اندازہ آپکو اس کتاب سے ہو جائے گا اور عمل پیرا ہونے سے یقین کامل بھی ہو جائے گا۔ انشاءاللہ!

علم ایک سمندر ہے اس سمندر کے غوطہ زن تو بہت ہیں لیکن بہترین غوطہ زن وہ ہے جو سمندری تہہ میں سے اس سیپ کو پا لے جسکے منہ میں موتی ہے۔

عمل اگرچہ ایک ہی ہو لیکن کامیاب ہو پوری زندگی کیلئے کافی ہے۔ میرا نہ دعوٰی نہ چیلنج لیکن اتنا ضرور کہوں گا کہ اس کتاب کے مطالعہ سے بہت لمبے چوڑے وظائف طرح طرح کے اور زندگی کا طویل حصہ صرف

Scanned with CamScanner

تلاش گوہر میں ضائع ہونے سے بچ جائیگا۔

اول اس سورۃ کی زکات مختلف انداز سے ادا کرنے کے متعلق لکھا جائیگا تاکہ اس کی روحانیت اور طاقت کو مسخر کرسکیں اور مکمل استفادہ حاصل کرسکیں۔

بندہ ناچیز یہاں پر اس سورۃ کی زکوٰۃ ادا کرنے کے مختلف طریقے بیان کریگا تاکہ عامل کو جو طریقہ ریاضت پسند ہو یا بہتر معلوم ہو یا آسانی کیساتھ ادا کرسکتا ہو اس کو اپنالے۔

ہر طریقہ موزوں اور کارآمد ہے۔ لہذا زکات (تعداد) کے طریقے بالترتیب درج کیے جاتے ہیں۔ لیکن ایک بات یاد رہے یہ طریقے صرف زکات کے ہیں۔ جس سے روحانیت مانوس و مسخر ہوتی ہے اور کام میں اثر پیدا ہوگا۔ نہ کہ کسی مئوکل کی حاضری کے ہیں۔ وہ میں بعد میں بیان کرونگا انشاءاللہ۔

ایک بات کا خیال رہے کہ بدون ادائیگی زکات کے آپ ڈائریکٹ سورۃ ہذا کا با مئوکل عمل نہ کریں کیونکہ یہ خلافِ اصول بات ہے نقصان کا اندیشہ ہے با مئوکل حاضری والے اعمال میں احتیاط اولاً شرط ہوتی ہے اسی لئے حاضری کے طریقے بعد میں بیان کیے جا رہے ہیں۔

حاضری مئوکل کے بھی مختلف طریقے بیان کیے جائینگے جو مناسب سمجھیں عمل کریں ہر ایک طریقہ بالکل صحیح ہے اور تجربہ پر درست ثابت ہوا ہے۔

میرے شاگردوں کے پاس مختلف قسم کی حاضریاں موجود ہیں اس سورۃ کی جو میری زیرِ نگرانی عمل کرچکے ہیں۔

جیسا کہ میں پچھلے صفحات میں بیان کرچکا ہوں کے اس کتاب میں تمام اعمال مجرب و آزمودہ ہی لکھے گئے ہیں تاکہ طالب حق اور صاحب ریاضت کو کسی قسم کی کوئی پریشانی نہ ہو کسی بھی عمل میں تاثیر پیدا کرنے کیلئے اس کے متعلقہ قواعد وضوابط کا خیال رکھنا اور لوازمات کا پورا کرنا بہت ضروری ہوتا ہے۔

زکاتیں

طریقہ نمبر ۱۔ ۴۱ دن ۴۱ مرتبہ تمام لوازمات چلہ کشی کو مدنظر رکھتے ہوئے اول آخر درود ابراہیمی ۴۱+۴۱ مرتبہ پڑھے اور ساتھ ساتھ کوئی بھی نقش یعنی مربع یا مثلث عددی وضعی یا حرفی سورۃ الکوثر کا ۴۱ عدد روزانہ تحریر کریں ۴۱ دن تک۔

وضاحت

اول درود شریف ۴۱ مرتبہ پھر زکات نقوش ۴۱ عدد۔ پھر پڑھائی سورۃ ۴۱ مرتبہ ہر مرتبہ بسم اللہ کے ساتھ پھر درود شریف ۴۱ مرتبہ پڑھ کر ختم کریں۔

بخور — لوبان یا اگربتی صندل بہتر ہے۔

باوضو قبلہ رو ہوکر دھیان اور توجہ کیساتھ زکات ادا کریں۔

طریقہ نمبر ۲۔ یہ ہے کہ اس سورۃ کے اعداد قمری کی تعداد کو شب جمعہ نوچندی کے دن ایک ہی رات میں پورا کرلیں۔

لیکن جمعرات کا روزہ رکھیں۔ بنیت ادائیگی زکات سورۃ الکوثر اور تمام دن گوشہ نشین رہیں کسی سے کوئی بات نہ کریں نہ ہی کوئی غیر محرم آپکو دیکھ سکے

Scanned with CamScanner

نہ آپ دیکھ سکیں پھر رات کو ۲۷۵۴ مرتبہ اول آخر درود شریف طاق مرتبہ مندرجہ ذیل پڑھیں۔

الـلهم صلي علي محمد قدضالت حيلي انت وسيلتي يـا رسول الله ﷺ ادركني ادركني في سنبيل الله يارحمة اللعالمين۔

یہ زکات مسجد میں ادا کریں یا جاری پانی ندی، نالا، نہر یا دریا وغیرہ کے کنارے پر ادا کریں یا پھر قبرستان میں صرف ایک ہی رات کا عمل ہے۔

مسجد یا برلب آب جاری کیئے اگربتی صندل استعمال کریں اگر قبرستان میں ادا کریں تو بخور رلوبان استعمال کریں۔ پرہیز جلالی جمالی شرط ہے۔

باقی تمام لوازمات کتاب کے شروع میں درج کیئے جا چکے ہیں۔

طریقہ نمبر ۳۔ یہ عمل تین دن کا ہے۔ پرہیز جلالی و جمالی کریں اور منگل کے دن سے شروع کریں یعنی منگل اور بدھ کی درمیانی رات کو عمل پڑھیں تعداد ۲۷۵۴ مرتبہ ہے روزانہ کی اور شب جمعہ کو ختم ہوگا اول و آخر درود تنجینا ۵۰+۵۰ مرتبہ ہے۔ اگر درود کی تعداد ۷۰+۷۰ کر لی جائے تو بہتر ہے۔

یہ زکات بھی مسجد میں یا برلب آب جاری ادا کریں اور خوشبو اگربتی صندل استعمال کریں۔ اگر یہ زکات قبرستان میں ادا کریں تو بخور رلوبان استعمال میں لائیں۔

تمام دن گوشہ نشین رہیں اور دن کو نقش سورۃ ہذا روزانہ ۹۱۸ مرتبہ تحریر کریں تا کہ تین یوم میں ۲۷۵۴ کی تعداد مکمل ہو جائے نقش مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک کی زکات ادا کر سکتے ہیں جو مناسب ہو۔

جبرائیل ۷۸۶ میکائیل

۹۱۴	۹۱۴	۹۱۹
۹۱۶	۹۱۸	۹۲۰
۹۱۷	۹۲۲	۹۱۵

اسرافیل م ۲۷۵۴ ے عزرائیل

جبرائیل ۷۸۶ عزرائیل

۲۷۵۴	۲۷۵۴	۲۷۵۴
۲۷۵۴	۲۷۵۴	۲۷۵۴
۲۷۵۴	۲۷۵۴	۲۷۵۴

میکائیل اسرافیل

(i) ع ۲۷۵۴

(ii) وفق ۲۷۵۴

(iii) وفق ۱۱۶۱۷

طریقہ نمبر۴۔ یہ عمل صرف ایک یوم کا ہے طریقہ زکات یہ ہے کہ بروز اتوار عروج ماہ بوقت طلوع آفتاب سے بجانب مشرق بنیت ادائیگی زکات سورۃ الکوثر دن کے وقت ایک ہی جلسہ میں باوضو سورۃ الکوثر بدون درود وتسمیہ کے جلالی طریقہ پر سر برہنہ اور سر پر کوئی سایہ نہ ہو ننگے سر اور ننگے پاؤ سورۃ الکوثر صرف تعوذ پڑھ کر شروع کریں تعداد موافق اعداد شمسی ۱۱۶۱۷ ہے کوشش کریں کہ بخور گوگل، اجوائن کا ہو اور آگ جلتی رہے تمام عمل اور نگاہ آگ میں رکھیں یہ عمل بہت جلالی ہے اور تباہی و بربادی میں تیز بہدف سیف ضارب ہے جسکا نشانہ کبھی خطاء نہیں کرتا جتنی بھی اس عمل کی تعریف کی جائے کم ہے میں تو اتنا کہوں گا کہ جو کرے گا خود آزمائے گا۔

واقعہ ایک مرتبہ کسی مسئلہ میں عامل کے ساتھ مقابلہ ہوگیا تو مد مقابل کو ہم نے اسی عمل کے زور پر زوال ماہ تھا شکست دی اور اسے میدان چھوڑ کر بھاگنا پڑا اس عمل میں ہم نے مثلث خالی البطن سے کام لیا تھا جو عنقریب حصہ نقوش سورۃ الکوثر میں بیان کریں گے۔ انشاءاللہ

اسی عمل کا ایک اور کرشمہ گواہوں کو توڑنے اور مقدمہ میں مخالف کو شکست دینے کیلئے عمل کیا تھا جو تجربہ کی کسوٹی پر سو فیصد درست ثابت ہوا۔ میں نے اپنی زندگی میں اس عمل سے بہت کام لئے ہیں چونکہ واقعات طوالت اختیار کر جائینگے اس لئے یہی کافی ہے دوسری وجہ یہ ہے کہ یہاں پر صرف عمل بیان کرنا مقصد ہے نہ کہ واقعات کیونکہ عامل کی زندگی میں بہت سے

واقعات پیش آتے رہتے ہیں آپ خود عمل کریں اور قوت عمل سے فائدہ حاصل کریں۔

نوٹ

صرف ایک بات کا خیال رہے یہ عمل بہت جلالی ہے پرہیز جلالی جمالی تین یوم پہلے شروع کریں اور جس دن زکات ادا کرنی ہو اس دن کا روزہ رکھیں جو قوتِ عمل وکامرانی کا باعث بنے گا اور حصار آیۃ الکرسی کا ضرور کریں۔

مشورہ

جلالی اعمال ہمیشہ سوچ سمجھ کر اور مکمل لوازمات کے ساتھ کرنے چاہئیں اور حصار لازمی کرنا چاہیے تاکہ رجعت نہ ہو۔ آخری بات یہ کہ مقابلہ بازی اور ناجائز استعمال نہ کریں کیونکہ بددعا اور آہ کے سامنے کوئی عمل کام نہیں کرتا اسی لئے زیادہ تر عاملیں عذاب قبر میں مبتلا ہوتے ہیں۔

طریقہ نمبر۵۔ سورۃ الکوثر کا یہ عمل بہت قوی اور مضبوط ہے کیونکہ یہ بھی جلالی شمسی ہے اس کی زکات دن کے وقت ادا کریں۔

طریقہ یہ ہے کہ اگربتی صندل یا بخور لوبان روشن کریں اور بروز اتوار عمل شروع کریں منہ بجانب مشرق باوضو پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ پہلے دن زکات ۳۸۷۲ مرتبہ پڑھ کر ادا کریں کہ درود ابراہیمی ۱۱+۱۱ اول آخر پڑھیں۔ اسی طرح دوسرے دن بھی یہی تعداد پوری کریں جتنی تعداد سے پہلے دن پڑھائی کی تمام لوازمات کے ساتھ اور بخور سلگا کر۔ لیکن تیسرے دن صرف ایک مرتبہ زیادہ پڑھ کر زکات ختم کردیں۔ لیکن ایک

بات واضح رہے کہ آپ دوران عمل تعویز کی زکات بھی ادا کریں ۳۳۳ مرتبہ تحریر کر کے روزانہ یعنی کل تعداد پڑھائی ۱۱۶۱۷ ہوگی اور کل تعداد تعویزات ۹۹۹ ہوگی۔ آخری دن ختم دلوائیں اور ثواب آپ ﷺ کو اور مئوکلات سورۃ الکوثر کو دیں اور اپنا صدقہ کسی بکرے کی سری یا کوئی کالی مرغی یا سیاہ مرغ سر سے سات چکر لگا کر کسی غریب کو دیں یا قبرستان چھوڑ آئیں۔

تعویزات مندرجہ ذیل ہیں انمیں کسی ایک کی زکات دیں جس پر دل مطمئن ہو کیونکہ ہر تعویز سے آپ تمام کام لے سکتے ہیں اس کی تفصیل آگے آئے گی انشاءاللہ۔

عزرائیلؑ	۷۸۶	جبرائیلؑ
۱۱۶۱۷	۱۱۶۱۷	۱۱۶۱۷
۱۱۶۱۷	۱۱۶۱۷	۱۱۶۱۷
۱۱۶۱۷	۱۱۶۱۷	۱۱۶۱۷
رفقمائیل	۱۱۶۱۷ عـــه	میکائیلؑ

(i)

(iii) ۱۱۶۱۷ عـــه

(ii) ۱۱۶۱۷

میکائیلؑ	۷۸۶	جبرائیلؑ
۳۸۷۳	۳۸۶۸	۳۸۷۶
۳۸۷۵	۳۸۷۲	۳۸۷۰
۳۸۶۹	۳۸۷۷	۳۸۷۱
عزرائیلؑ	وقف ۱۱۶۱۷	اسرافیلؑ

(iv)

ان میں سے کسی ایک نقش کی زکات ساتھ ادا کریں ہاں اگر آپ صرف نقش کے وفق کی زکات ادا کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں اعداد میں روحانیت آ ہی جائے گی اور نقش بھی کام دے گا بصورت دیگر اس کے اگر آپ مثلث کے عامل ہیں۔ مثلث کا عامل کس طرح بنتا ہے اور اسکے طلسمی خواص وفوائد کیا ہیں لہٰذا صرف مثلث پر ہی میں نے ایک مستقل کتاب لکھی ہے۔ ''عملیات مثلث نقش آدمؑ وحواؑ'' کہ اس سے کام کس طرح لینا ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔

طریقہ نمبر ۶۔ ایک طریقہ زکات اصغر کا یہ بھی ہے کہ آپ تمام لوازمات عمل کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے پرہیز جلالی جمالی کیساتھ بنیت ادائیگی زکات سورۃ الکوثر پر نفل قبولیت عمل وتاثیر عمل جو کہ میں شرائط چلہ کشی اور دعوت کے بیان میں لکھ چکا ہوں ادا کریں پھر ۹۲۱ مرتبہ پہلے دن اور دوسرے دن ۹۲۱ مرتبہ پھر اسی طرح تیسرے دن ۹۲۲ مرتبہ یعنی صرف ایک مرتبہ پہلے دو دنوں سے زیادہ پڑھیں یہ زکات باوضو قبلہ رو بدھ جمعرات جمعہ کو ادا کریں رات کے وقت بخور اگربتی صندل بہتر ہے۔ اگر لوبان استعمال میں لائیں تو کوئی حرج نہیں۔ عمل میں تاثیر پیدا ہو جائے گی انشاء اللہ۔

طریقہ نمبر ۷۔ یہ طریقہ زکات سورۃ الکوثر بھی ہے۔ اور ایک مستقل عمل بھی ہے یعنی آپ اس سے مندرجہ ذیل امور میں زبردست نتائج کے ساتھ کام لے سکتے ہیں۔

(1) مقہوری اعداد۔ (ii) مخالف کو زیر کرنا۔ (iii) بندش زبان۔

Scanned with CamScanner

(iv) بندش سفر (v) بندش پیشاب دشمن ۔(vi) دشمن پر مرض مسلط کرنا (vii) جادو کی کاٹ و پلٹ (viii) بندش نکاح ۔(ix) بندش کاروبار (x) تباہی و بربادی دشمن ۔(xi) جگہ ویران کرنا ۔(xii) نفرت ،عداوۃ ، جدائی وغیرہ ۔ (xiii) فتح یابی مقدمہ جائز (xiv) معزولی وتبادلہ ظالم افسر ۔(xv) دشمن کو پاگل کرنا یا عقل وشعور سے ختم کرنا ۔(xvi) دشمن کے سر پر جوتے مارنا ۔(xvii) جائز محبت ونکاح فقط ۔(xviii) بندش شہوت وذکر ۔(xix) چور کو سزا دینا ۔(xx) گواہوں کو روکنا ۔

غرض کہ آپ جس قدر چاہیں کام لئے سکتے ہیں لیکن شعور چاہیے میں تفصیل خواص وفوائد سورۃ الکوثر کے حصہ میں علیحدہ علیحدہ کس طرح کام لینا ہے اس سورۃ سے اگلے باب میں بیان کرونگا یہاں صرف مقصد طریقہ ادائیگی زکات ہے اس لئے بندہ اس طریقہ کو بیان کرتا ہے ۔ طریقہ بروز منگل کو دن کے عین زوال کا وقت نکالے پس پندرہ منٹ پہلے عمل سورۃ الکوثر بدون درود کے اور بغیر تسمیہ کے شروع کردے ۳۱۳ مرتبہ وقت جگہ مقرر رہے کل مدت عمل فقط سات دن ہے شرائط عمل ہذا سر پر کوئی سایہ نہ ہو نہ ہی کوئی کپڑا یا ٹوپی وغیرہ ہو ۔ منہ بجانب قطب ہو ۔ یا منہ بجانب بیت المقدس ہیکل سلیمانی ہو ۔ بخور گوگل + اجوائن ہو ۔

پرہیز جلالی وجمالی کم از کم تین دن پہلے شروع کریں ۔ اگر عمل ہذا کو رات کیو وقت کرنا ہو تو 11:30 بجے تا 12:30 بجے کے درمیان کریں ۔ طریقہ کار وہی ہے جو بیان کیا جاچکا ہے ۔ اگر اسی عمل کے تین چلے نکال لئے جائیں مسلسل تو کیا ہی کہنا ۔

کل مدت ۲۱ دن پہلا چلہ قبرستان مسلم ۔ دوسرا چلہ قبرستان عیسائی ۔ تیسرا چلہ برلب آب جاری یا کوئی بڑا تالاب ہو ہر چلہ کی مدت 7 یوم ہے کل 21 دن میں آپکو مکمل زکات ادا کرنا ہوگی اور آپ دنیا جہان کے تمام کام اس چلہ کشی کی روحانیت سے لے سکتے ہیں اور حاضرات اتنی زبردست کہ بیان کرنا مشکل ہے عامل پر خود بخود خواص عمل ہذا منکشف ہوتے چلے جائینگے ۔ فقط ہمت کی ضرورت ہے آزمائش شرط ہے اس حاضرات سے آپ اتنا ہی کام لے سکتے ہیں جتنا آپ کسی طاقتور مؤکل یا جن وغیرہ سے لے سکتے ہیں اس سے زیادہ نہیں کہوں گا اسلیئے کہ رازداری بھی ضروری ہے تاکہ جاہلوں اور نااہلوں سے حفاظت رہے ۔ اللہ رب العزت فقط اہلوں کو ہی عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے کیونکہ کامل چلہ کشی عمل ہذا کی طاقت کن فیکون ہے ایک ماسٹر کی (چابی) ہے فقط حاضرات کرکے مؤکلات کو حکم دینے کی ضرورت ہے نتائج آپکے سامنے ہونگے ۔ کسی تعویز وغیرہ کی ضرورت نہیں اس خاضرات کا عامل اپنے علاقے کا بادشاہ مانا جائیگا اور عاملین کا سردار جادو ۔ آسیب ۔ تعویزات کا حل بھی اسی سے کرسکتا ہے ۔ میں نے یہ عمل حاضری مؤکلات کے بیان میں لکھنا تھا پتہ نہیں کیوں قلم کی روانگی کو میں روک نہیں سکا حالانکہ میں نے اختصار کرنے کی بہت کوشش کی ۔ اللہ تعالی سمجھنے اور عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے ۔ آمین ثم آمین !!

آخر میں بطریقہ نصاب وغیرہ زکات کا تحریر کرتا ہوں تاکہ اس سورۃ کی اصل تعداد سے عامل واقف ہو جائے یہ کبیر زکات ادا کرنے کے

اعمال میں سے ہیں جو کہ عامل بعد از ادائیگی زکاتے دوسروں کو بھی اجازت دے سکتا ہے کیونکہ اگر پچھلے طریقوں سے دی ہوئی زکات کا عامل اجازت دے گا تو عمل رخصت ہو جائے گا۔

(بطریقہ نصاب وغیرہ)

طریقہ نمبر ۱۔ کل حروف ۴۱ عدد ہیں لہذا پہلے دن ۴۱ مرتبہ۔ پھر بنیت صغیر ۱۴۱ مرتبہ دوسرے دن۔ پھر تیسرے دن وسیط کی نیت سے ۴۱۰ مرتبہ۔ پھر چوتھے دن کبیر کی نیت سے ۴۱۰۰ مرتبہ۔ پھر پانچویں دن نصاب کی نیت کر کے ۴۱۰۰ مرتبہ روزانہ ۱۰ دن تک اسی نیت سے زکات دے کیونکہ کل تعداد نصاب ۴۱،۰۰۰ ہے جو ۱۰ دن میں پوری ہو جائے گی۔

پھر حظ کی نیت سے (۲۷۵۳) مرتبہ۔ پھر کفو نیت (۵۵۰۶) مرتبہ پڑھے اور آخر میں ختم کی نیت سے (۷۵۷۹۰۰۹) کی تعداد پوری کرے خواہ کتنے ہی عرصہ میں ہو۔

طریقہ نمبر ۲۔ اس سورۃ میں ۴۱ حروف ہیں۔ لہذا ہر حرف کو (۴۰۰۰) مرتبہ پڑھنے سے اس سورۃ کی زکات اکبر ادا ہو جائیگی جسکے دو طریقے ہیں۔ (۴۰۰۰) مرتبہ روزانہ ۴۱ دن درود شریف اول آخر ۴۰+۴۰ مرتبہ یا ۴۱+۴۱ مرتبہ پڑھیں۔

طریقہ نمبر ۳۔ ہر حرف کو (۴۴۴۴) مرتبہ کے ساتھ شمار کرے لہذا روزانہ (۴۴۴۴) مرتبہ پڑھے ۴۱ دن تک درود شریف ۴۱ + ۴۱ مرتبہ اول آخر پڑھے تو ان زکات کا عامل دوسروں کو بھی اجازت دے سکتا ہے۔

طریقہ نمبر ۴۔ ایک طریقہ زکات اکبر یہ بھی ہے کہ روزِ اول بنیت اعداد (۴۱۰۰۰) کی تعداد کو پورا کرے مناسب ایام میں پھر نیت نصاب کی کرے اور (۴۱۰۰۰) کو (۴۱۰۰۰) میں ضرب دیں جسکی کل تعداد (۱۶۸۱۰۰۰،۰۰۰) ہے مناسب ایام میں پوری کرے۔ اسی طرح نصاب کی تعداد کا نصف (؟) زکات کی نیت کیساتھ مناسب دنوں میں تقسیم کر کے پڑھے۔ پھر عشر کی نیت سے (۴۱۰۰۰) روز اول کی تعداد کیطرح پوری کرے۔ پھر قفل کی نیت سے (۲۰۵۰۰) مرتبہ پڑھے۔ پھر نیت دور مدور کی کرے اور نصاب کی تعداد کیمطابق پڑھے جو بیان کی جا چکی ہے۔ پھر اسطرح بذل کی نیت کرتے ہوے (۷۰۰۰) مرتبہ زکات ادا کرے اور آخر میں ختم کی نیت سے (۱۲۰۰) مرتبہ پڑھے کل سات نیتیں کرنی ہونگی۔

طریقہ نمبر ۵۔ روز اول آپ ۲۷۵۴ مرتبہ پڑھیں یعنی موافق اعداد قمری سورۃ ہذا پھر آپ نیت کبیر کی کریں اور اعداد قمری کو تعداد حروف سورۃ الکوثر میں ضرب دے کر پڑھیں بعدہ ۲۷۵۴x۴۱=(۱۱۲۹۱۴) مرتبہ پھر اکبر کی نیت کریں اور کبیر کی کل تعداد کو ایک مرتبہ پھر تعداد حروف سورۃ الکوثر میں ضرب دیں جسکی تعداد (۴۶۲۹۴۷۴) ہے اسی طرح پھر آپ نیت کبائر کی کریں اور اکبر کیطرح حروف کی تعداد کو ضرب دیں اکبر کی تعداد میں جو کہ (۱۸۹۸۰۸۴۳۴) تعداد ہے مناسب ایام پر تقسیم کر کے پڑھیں۔ پھر آپ نیت اکبر الکبائر کی کریں اور کبائر کی تعداد کو حروف سورۃ ہذا کی تعداد میں ضرب دیکر ادا کریں جسکی کل تعداد (۷۷۸۲۱۴۵۷۹۴)

ہے سہولت کیلئے مناسب ایام پر تقسیم کرلیں۔ پھر آپ صغیر کی نیت سے اعداد قمری کے موافق پڑھیں یعنی ۲۷۵۴ مرتبہ۔ پھر آپ اصغر کی قیمت کریں اور ۱۳۷۷ مرتبہ پڑھیں۔ پھر آپ صغائر کی نیت کریں اور ۶۸۹ مرتبہ پڑھیں۔ پھر آپ اصغر اصغائر کی نیت کریں اور ۳۴۵ مرتبہ پڑھیں اور اس طرح آپ کی زکات مکمل طور پر ادا ہوجائیگی۔

نوٹ

ان زکاتوں میں اس بات کا خیال رکھیں کہ ہر زکات کیلئے علیحدہ علیحدہ نیت کریں اور اس کی روزانہ کی مقدار بھی مقرر کرلیں اس میں نقص واقع نہ ہونے دیں یعنی تعداد پڑھائی میں کمی یا زیادتی نہ ہونے پائے اور ہر زکات متواتر بغیر وقفہ کے ادا کریں یعنی کبیر کے بعد فوراً اکبر کی زکات ادا کریں۔ تعداد زیادہ ہونے کیوجہ سے مقررہ ایام پر تقسیم کرکے روزانہ کی تعداد استخراج کرلیں اور پھر آپ ادا کریں۔ اگرچہ مدت زیادہ ہے لیکن طاقت بھی عامل کی کن فیکون والی ہوجائیگی۔

کسی بھی عمل کو جتنا کرنا مشکل اور دشوار ہوتا ہے اس سے کہیں زیادہ عمل کو قائم رکھنا اور سنبھالنا مشکل ہوتا ہے۔ اس لئے بہتر ہے کہ عامل اپنے لئے قوانین اور اصول بنائیے اور انکا پابندر ہے۔

سورۃ الکوثر سے مختلف کاموں میں کس طرح کام لینا ہے اس سے پہلے ہم آپ کو تعویزات کی زکات کے متعلق مفصل بیان کردیں تا کہ بعد میں کسی قسم کی عمل میں کوئی کمی کوتاہی نہ رہ جائے۔ اور عمل اپنی مکمل تاثیر دکھلا سکے۔

یوں تو آپ سورۃ الکوثر کا کوئی بھی نقش کام کی متعلقہ چال اور عنصر کیمطابق پر کرکے اپنے امور سرانجام دے سکتے ہیں لیکن سب سے پہلے زکات بیان کرتا ہوں پھر تفصیل سے مکمل وضاحت کی جائے گی۔

زکات نقوش سورۃ الکوثر

(۱)۔ ۲۷۵۴ یہ سورۃ الکوثر کا وفق ہے صرف وفق کی زکات بمع خواص اور طریقہ کار ہم اولاً بیان کرتے ہیں۔

طریقہ نمبر۱۔ اگر دوران عمل سورۃ الکوثر ساتھ ساتھ وفق کی تحریری زکات بھی ادا کردیں تو آپکا عمل کامل ہوجائے گا۔

ہم نے چلہ کشی سورۃ الکوثر میں بعض جگہ ساتھ نقوش وغیرہ کی زکات کی طرف بھی اشارہ کیا ہے بلکہ بعض جگہ لازماً قرار دیا ہے۔

طریقہ نمبر۲۔ اگر آپ صرف ۲۷۵۴ کی زکات ۲۷۵۴ مرتبہ ادا کردیں تحریراً تو آپ ۴، ۵، ۷، ۲ ہندسوں کے عامل ہوجائینگے اور یہ ہندسے اپنی روحانیت سے آپکو مستفید کرینگے آپکے مختلف امور میں اور آپ ان ہندسوں سے اپنے کاموں میں ہر قسم کا کام لے سکتے ہیں۔

طریقہ نمبر۳۔ ۴۰ مرتبہ روزانہ ۴۰ مرتبہ تحریر کرکے مکمل چلہ نکالنے پر آپ نہ سورۃ الکوثر کے وفق کے عامل ہیں بلکہ سورۃ الکوثر کا ہر نقش آپکا مسخر ہے بلکہ آپ ہر خانہ میں صرف وفق ہی تحریر کرکے دنے دیں تو بھی نقش صحیح ہوگا اور اپنا کام کر دکھلائیگا۔

طریقہ نمبر۴۔ اگر آپ ۲۷۵۴ کو مسلسل تین مرتبہ اسی تعداد سے تحریراً لکھ دیں تو آپ وفق کے کامل عامل ہوجائینگے۔

طریقہ نمبر۵۔ آپ کوئی سا بھی سورۃ الکوثر کا عمل کریں اور روزانہ جو بھی عمل کی تعداد ہے اسی تعداد کے مطابق عمل کی مدت پورا ہونے تک قولاً وتحریراً زکات دیں تو نہ صرف چلہ کامل ہوگا بلکہ وفق کی زکات بھی ہو جائے گی اور دو، چار، پانچ اور سات ہندسوں کی روحانیت بھی مسخر ہو جائے گی۔

اور آپ سورۃ الکوثر کا کوئی بھی نقش تحریر کر سکتے ہیں۔

وہ نقش خواہ کسی بھی چال کا ہو۔ اپنی مکمل تاثیر ظاہر کریگا۔ جو آپ کو مندرجہ ذیل امور میں کام دے گا۔

رزق میں خیر و برکت، دشمنوں پر فتح، ہر مشکل آسان۔ اسباب کا پیدا ہونا۔ ترقی درجات وغیرہ کے علاوہ جادو کا اثر نہ ہو ہر کاموں میں روحانیت ساتھ دے ہاتھ میں برکت کے علاوہ بہت سے فائدے ہیں۔

بیماریوں سے شفاء۔

طریقہ یہ ہے کہ آپ شرف قمر میں عین قمر ہی کی ساعت میں جبکہ طالع نیک ہو چاندی کی لوح پر جو آپ انگشتری میں نگینہ کی جگہ جڑ واسکیں تحریر کریں۔

اس طرح | ۲۷۵۴ | ارد گرد حصار ہو لکیر کا درمیان میں صرف تعداد وفق سورۃ الکوثر تحریر کریں۔ اس انگشتری کو چھنگلی یا چھنگلی اور درمیان والی انگلی کے درمیان والی انگشت میں پہنیں۔ اگر عامل خود پہنے تو انگشتری سے بہتر چھلا ہے جو مندرجہ ذیل طریقہ نوعیت کا ہوگا۔ عامل چھلا اتنا بڑا بنوائے عروج ماہ قمری کی انگشت شہادت میں پہن سکے اور چوڑائی چھلے کی اتنی ہو کہ ۲۷۵۴ تعداد وفق آسانی سے لکھی جا سکے اور پہنے ہوئے کوئی دقت بھی نہ ہو۔ قمر کی اسی ساعت میں جو ہم بیان کر چکے ہیں اس ترتیب سے ہندسے

تحریر کرے کہ گولائی مین ہندسے پورے بھی آ جائیں اور ہر ہندسے کا فاصلہ دوسرے ہندسے سے یکساں ہو یعنی اسطرح نہ لکھیں نہ چھلہ کی صرف اوپر ہی کی جانب لکھ لیں اور نیچے کچھ نہ لکھا جائے یہ ترتیب صحیح نہیں ہے بلکہ پورے چھلے پر تحریر واضح ہو اور ہر ہندسہ دوسرے ہندسے سے یکساں فاصلے پر ہو۔ ہندسوں کے درمیان کوئی قومہ یا ڈیش وغیرہ نہ لگائیں۔

بعد از تیاری آپ دوران عمل بخور قمر کا جلائیں لوبان یا صندل کی اگر بتی بہتر ہے اور دوران تحریر عامل سورۃ الکوثر پڑھتا رہے اور اختتام پر دم کر دے۔

اگر عامل عروج ماہ قمری شب جمعہ ابتدائے عمل زکات سورۃ الکوثر اس چھلہ کو تحریر کرے اور تمام چلہ کشی میں بعد از اختتام تعداد پڑھائی روزانہ اس پر دم کرتا رہے تو عامل انگشت شہادت پر دم کرتا رہے تو عامل انگشت شہادت جس طرف کر کے جو اشارہ کرے یا جس درد والے پر انگشت شہادت سے دم کرے یا قلم سے تعویز تحریر کرے سورۃ الکوثر کا تو خاص اثر دیکھے اور روحانیت فوراً تعاون کرے۔ زیادہ بیان کرنا تقدیر میں دخل اندازی ہے۔ نااہلوں سے بھی کچھ پوشیدہ رکھنا چاہیے۔ اگر آپ وفق شمسی کو شرف شمس میں ساعت شمس میں تحریر میں لا دیں سونے پر تو میری قلم عاجز ہے خواص بیان کرنے میں فقط اشارہ کافی ہے۔

اگر کوئی مرض والا آیا ہے تو وفق کو حصار کیساتھ سات مرتبہ یا گیارہ مرتبہ | ۲۷۵۴ | اس ترتیب پر تحریر کر کے دیں پینے کیلئے اور پہننے کیلئے وفق کو اسطرح تحریر کر دیں۔

مالش تیل کیلئے دینا ہو تو وفق کے نیچے لیکر لگا کر تحریر کر دیں اسطرح ۲۷۵۴ دھونی کیلئے آپ اسی وفق کو اس شکل میں تحریر کر دیں۔

۲۷۵۴

دھونیاں صرف سات کافی ہیں یہ صرف سحر، آسیب والے کیلئے ہیں۔ ترتیب یہ ہے کہ آپ سلگتے کوئلوں پر گوگل اور اجوائن ڈالکر دھونی ڈالدیں اور مریض کے تمام بدن کیساتھ ساتھ ناک مین اچھی طرح دھونی دیں کہ مریض کو چھینکیں آ جائیں۔

غسل وغیرہ کیلئے تکسیر وفق ایک عدد ہی بہتر ہے جو تین یوم تک کام دیگی جسکی شکل یہ ہے۔

۲	۷	۵	۴
۴	۲	۷	۵
۵	۴	۲	۷
۷	۵	۴	۲

اس بات کا خیال رہے کہ ہر ہندسہ کچھ فاصلے پر تحریر کریں اور ہر ہندسے کے نیچے دوسرا ہندسہ آئے۔

میرے خیال میں جتنی مفصل بحث صرف وفق سورۃ الکوثر پر ہم نے کر دی ہے یہ کافی ہے کیونکہ ہم نے اپنی طرف سے کوئی پہلو نہیں چھوڑا ایک سمجھدار عامل تمام کام صرف اسی وفق سے ہی لے سکتا ہے۔ رہبری ہم نے کر دی ہے عقلمندی خود ظاہر کرو۔ اسلیئے کہ وفق کے وہ تمام خواص اور فوائد

ہیں جو میں نقوش میں بیان کرونگا جتنی طاقت ایک نقش میں ہے اتنی ہی طاقت کا حامل وفق ہے۔

اگر آپ زکات چلہ کشی شمسی ادا کریں تو وفق شمسی کی بھی زکات ادا کرلیں یہ زکات قوی الاثر ہوتی ہے اور اثرات بھی دیرپا ہوتے ہیں۔ ہم مزید بحث وفق اور نقوش کی علاجات وغیرہ میں کریں گے۔ یہاں پر میرے نزدیک یہی کافی ہے۔

زکات نقوش سورۃ الکوثر

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ کسی بھی حرف کی تحریراً یا قولاً زکات ادا کرنے سے اسکی روحانیت مانوس ہو جاتی ہے اور اپنی خاصیت کو ظاہر کرتی ہے اسی طرح اگر آپ اس سورۃ الکوثر کی زکات قولاً کے ساتھ ساتھ کسی ایک نقش یا وفق کی بھی زکات ادا کرلیں تو سونا ہے روحانیت میں کسی قسم کی شک نہیں رہتی بلکہ وظیفہ کامل و اکمل ہو جاتا ہے لہٰذا بہتر طریقہ یہی ہے کہ آپ دوران وظیفہ ہی اسی اسم یا آیت کے نقش کی بھی زکات ادا کر دیں۔

سورۃ الکوثر کے نقوش کی زکات ادا کرنا انتہائی آسان ہے تعداد زکات زیادہ نہیں ہے ورنہ دوسرے نقوش کی زکات کامل تاثیر پیدا کرنے کیلئے سوالاکھ ہے۔ اس سورۃ کے نقوش کی زکات ادا کرنے کے ہم مختلف طریقے بیان کریں گے۔ جو پسند آئے یا دل کو بھائے اپنا لیں اور فائدہ اٹھائیں۔

سب سے پہلے ہم سورۃ الکوثر کے نقش مثلث کی زکات ادا کرنے کے مختلف طریقے بیان کریں گے۔ پھر مربع کی زکات ادا کرنے کے طریقے بیان

Scanned with CamScanner

کریں گے اسی طرح ہم اس سورۃ کے دیگر پر تاثیر نقوش کی زکات اور ان سے کام لینے کے طریقے بیان کریں گے۔ انشاء اللہ!

زکات مثلث سورۃ الکوثر

طریقہ نمبر ۱۔ ۴۰ عدد نقوش روزانہ وقت جگہ مقرر ۴۰ دن تک تحریر کرنے سے زکات ادا ہو جائے گی اور عامل اپنے امور میں خاص تاثیر محسوس کریگا۔ اگر ۴۱ عدد نقوش تحریر کریں تو دن بھی ۴۱ ہی پورے کرنے ہونگے یہ بھی ایک طریقہ ہے۔ جو کامل تعداد میں شمار کیا جاتا ہے۔ اسمیں بڑا راز پوشیدہ ہے۔

طریقہ نمبر ۲۔ وفق کیطرح اگر آپ نقش سورۃ الکوثر کو ۴۵۷۲ مرتبہ تحریر کرلیں تو روحانیت مانوس ہو جائے گی خواہ کتنے ہی دنوں میں یہ تعداد پوری کریں۔

طریقہ نمبر ۳۔ اعداد قمری کے موافق بار بار تکرار کرنے سے زکات ایک خاص اثر ظاہر کرتی ہے لیکن تسلسل شرط ہے۔ یعنی آپ سورۃ الکوثر کے نقش کو ۴۵۷۲ مرتبہ تحریر کریں یہ زکات کا ایک چلہ مکمل ہوا تین چلے مسلسل کامل تاثیر پیدا کرتے ہیں لہٰذا آپ اسی تعداد کو سہ بار دہرائیں درمیان میں کوئی وقفہ یا ناغہ وغیرہ نہ پڑے کل تعداد زکات نقش سورۃ الکوثر مندرجہ بالا طریقہ پر ۸۲۶۲ ہوگی۔

اگر آپ نے نقش خالی از بطن کی زکات مندرجہ بالا طریقہ پر زکات ادا کی تو بطن نقش کو سیاہ کردیں اور بچے پر حاضرات ہو جائے گی اور سیاہ خانے میں مؤکلات نقش صاف اور صحیح نظر آئیں گے اور آپکے جائز امور

میں تسلی بخش جوابات سے فیض یاب کریں گے۔

طریقہ نمبر ۴۔ یہ طریقہ زکات بہت زبردست ہے اور طاقتور بھی اگر آپ اس طریقہ کو اس کے متعلقہ وظیفہ کے دوران ہی کرلیں تو پورے علاقے میں کوئی بھی عامل خواہ کتنا ہی بڑا ہے آپکا ثانی نہیں ہوسکتا اس ترتیب کا وظیفہ ہم پیچھے بڑی وضاحت کے ساتھ بیان کر چکے ہیں۔ عمل کی کل مدت سات یوم ہے روزانہ آپ ۳۱۳ مرتبہ ۷ دن تک وقت جگہ مقرر نقوش میں سے کوئی ایک نقش سورۃ الکوثر تحریر کرتے ہوئے زکات کو مکمل کرلیں۔ آپکی زکات ادا ہو جائے گی اور نقش سورۃ الکوثر کام کریگا اس تعداد سے دی ہوئی زکات فتوح غیب کی حامل ہوتی ہے۔ بس اس سے زیادہ بیان نہیں کریں گے۔ اگر آپ ۲۱ دن تک مسلسل ۳۱۳ مرتبہ نقش سورۃ الکوثر کی زکات ادا کرلیں تو سونا ہی سونا ہے قلم بیان کرنے سے عاجز ہے جو عامل ہوگا لطف اٹھائے گا زیادہ تعریف اچھی نہیں ہوتی اور نہ ہی بار بار تعریف کرنے والا اچھا لگتا ہے۔ آپ اس بات سے اندازہ لگالیں کہ بندہ خود اسی ترتیب کا حامل ہے۔ میں نے عمل اور نقش ساتھ ساتھ کئے تھے دقت تو ضرور لگتا ہے لیکن زندگی بھی لطف دیتی ہے۔ اگر عمل میں جان ہو تو عمل ایک ہی کافی ہے۔

طریقہ نمبر ۵۔ اگر آپ سورۃ الکوثر کے نقش کو روزانہ ۳۳۳ مرتبہ تحریر کریں تو تین دن میں زکات مکمل ہو جائے گی۔ اور آپ روحانیت کی عجیب تاثیر محسوس کرینگے اگر آپ ۹ دن تک مداومت کریں۔

مندرجہ بالا ترتیب کا یہی طریقہ زکات کامل واکمل ہو جائے گی اور روحانیت مسخر ہو کر اپنے جائز امور میں طاقتور تاثیر کا مظاہرہ کریگی کہ عامل

Scanned with CamScanner

خود حیران ہوجائے گا ہاں اگر آپ ۳ یا ۹ تعویزات کی مداومت بعد از زکات کامل مندرجہ بالا ترتیب پر کریں تو مئوکلات نقوش حاضرات میں ظاہر ہوں اور صرف نقش نیت پر ہی لکھ دینا کافی ہے مطلب تحریر کرنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔

طریقہ نمبر ۶۔ یہ طریقہ مثلث کی زکات ادا کرنے کا ہے اور اسی مثلث کی ہی ترتیب پر ہے یعنی اگر آپ نقش مثلث سورۃ الکوثر ۴۵ مرتبہ روزانہ ۴۵ دن تک تحریراً زکات ادا کریں تو زکات نقش سورۃ الکوثر ادا ہو جائے گی یہ طریقہ کاملین میں سے ہے اس لئے کہ ۴۰ دن کا عمل اپنے اندر ایک خاص طاقت رکھتا ہے جو کم دنوں پر حاوی ہوتا ہے یہ تو پھر ۴۵ دن کا عمل ہے۔

اگر آپ عناصر اربعہ کی چالوں کے ساتھ زکات ادا کرلیں تو کیا ہی کہنا یعنی ۴۵ نقش آتشی سورۃ الکوثر کے اور ۴۵ نقش ہی بادی اور ۴۵ آبی اور ۴۵ نقش ہی خاکی سورۃ الکوثر کے روزانہ وقت جگہ مقرر ایک ہی نشست میں تحریر کریں ۴۵ دن تک۔

طریقہ نمبر ۷۔ یہ طریقہ مربع نقش کا ہے۔ آپ سورۃ الکوثر کے نقش مربع کو ۳۴ مرتبہ ۳۴ دنوں تک تحریر کر کے زکات ادا کریں وقت جگہ مقرر اور تسلسل شرط عمل ہے۔ نقش مربع سورۃ الکوثر مندرجہ ذیل ہے۔

میکائیلؑ — بِسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم — جبرائیلؑ

٦٨٨	٦٩١	٦٩٤	٦٨١
٦٩٣	٦٨٢	٦٨٧	٦٩٢
٦٨٣	٦٩٦	٦٨٩	٦٨٦
٦٩٠	٦٨٥	٦٨٤	٦٩٥

عزرائیلؑ — وقف ۲۷۵۴ — اسرافیلؑ

اگر اسی نقش کو آپ روزانہ ۱۳۶ مرتبہ روزانہ ۱۳۶ دنوں تک تحریراً زکات ادا کریں تو آپ اس نقش کے بادشاہ ہوجائیں گے اور اسکی ہر چال تابع و مسخر ہو جائے گی کیونکہ جو مربع کا عامل نہیں وہ کامل نہیں ہے۔ ہاں اگر آپ مربع طبعی کے عامل ہیں تو آپ کیلئے ۳۱۳ والا طریقہ بہترین اور سودمند ہے ہم نے بھی اسی وجہ سے ۳۱۳ کا عمل کیا تھا اس لئے کہ مثلث کی زکات طبعی ۴۵ دن تک ۴۵ مرتبہ روزانہ عناصر اربعہ کے ساتھ ادا کی تھی یعنی ہر چال کو ۴۵ مرتبہ ۴۵ دن تک تحریراً زکات ادا کی تھی اسی طرح مربع ۱۳۶ مرتبہ صرف چال اول آتشی ۱۳۶ دن تک ادا کی تھی اس لئے میں ۳۱۳ عدد والے طریقے کو فوقیت دی آپ اپنے لئے خود سمجھداری سے انتخاب کریں اگر پھر بھی کوئی بات سمجھ نہ آئے تو آپ رابطہ مجھ سے کر سکتے ہیں۔

حصہ نمبر ۲ طِبِ کوثر

یہاں پر ہم آپکو ان طریقوں سے روشناس کروائیں گے جن پر عمل پیرا ہو کر آپ اپنے مختلف امور کو سرانجام دے سکیں گے لہٰذا سب سے پہلے ہم آپکو سورۃ الکوثر سے طب میں کام کس طرح کرنا ہے۔ اور اس سے شفاء حاصل کرنے کے کیا طریقہ کار میں آگاہ کرتے ہیں۔ سورۃ الکوثر میں اللہ رب العزت نے زبردست شفاء بھی رکھی ہے اسکا دم مختلف بیماریوں

Scanned with CamScanner

میں کام کرتا ہے اور حیران کن نتائج کا حامل ہے۔ اور سورۃ الکوثر کے تعویزات شفاء میں پرتاثیر ثابت ہوئے ہیں صرف آپکی توجہ اور سمجھداری پر منحصر ہے ہم آپکو شفاء کے معاملہ میں ترتیب نزولی کے حساب سے بیان کرتے ہیں یعنی سر سے پاؤں کی طرف آئیں گے۔

باب الشفاء

1۔ سر درد

سر درد میں خواہ مکمل سر کا درد ہو یا آدھے سر کا درد ہو یعنی کسی قسم کا بھی درد سر وغیرہ ہے یا سر کا بوجھ وغیرہ ہو تو آپ فورا ایک عدد مثلث بادی سورۃ الکوثر تحریر کریں جو مندرجہ ذیل ہے۔

میکائیلؑ ۷۸۶ جبرائیلؑ

۹۱۵	۹۲۰	۹۱۹
۹۲۲	۹۱۸	۹۱۴
۹۱۷	۹۱۵	۹۲۱

اسرافیلؑ وقف ۲۷۵۴ عزرائیلؑ

انا اعطینک الکوثر بحق یا جبرائیل .

فصل لربک وانحر بحق یا میکائیل.

ان شانئک بحق یا اسرافیل.

ھو الابتر بحق یا عزرائیل .

عمل ختم ہوا کل مدت عمل ۴۱ یوم ہے۔ پرہیز جلالی ، جمالی بہت ضروری ہے۔

(4) تسخیر موکل سفلی سورۃ الکوثر

عمل شروع کرنے سے کم از کم تین یوم سے پہلے ہی پرہیز جلالی جمالی شروع کردیں۔ پھر آپ منگل کی رات سے لوبان اور ذکر کا بخور سلگائیں اور حصار۔۳ مرتبہ آیۃ الکرسی + ۳ مرتبہ سورۃ اخلاص اور 1+1 مرتبہ آخری دونوں قل پڑھ کر چھری سے بڑا دائرہ لگائیں اور پھر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے اپنے اوپر پھیریں۔ پھر آپ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر آپ 501 مرتبہ عزیمت مذکورہ سورۃ الکوثر پڑھیں۔ تسمیہ فقط ایک بار

اقسمت علیکم وعزمت علیکم

اجب یا جبرائیل بحق انا اعطینک الکوثر.

یا دردائیل بحق فصل لربک وانحر.

یارفتمائیل بحق ان شانئک ھو الابتر.

یا تنکافیل بحق یا بدوح

واسمعوا واطیعو واحضرو احضرو احضرو

یا ایھا الخدام سورۃ الکوثر بحق یا حی یا قیوم برحمتک یا ارحم الراحمین.

پھر آپ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور پھر حصار کو کھول کر باہر تشریف لائیں۔ حصار کو کھولنے کیلئے آپ ۷ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر حصار کی لکیر کو ۳ مرتبہ کاٹیں اور کاٹ کی جگہ سے باہر تشریف لائیں۔ عمل کی کل مدت ۴۱ یوم ہے۔ پرہیز جلالی و جمالی بہت ضروری ہے۔ ۲۱ یوم میں حاضری ہوگی۔

(5) احضار جنات

شہنشاہ جنات کی حاضری

یہ عمل بہت ہی زیادہ طاقتور ہے۔ کیونکہ اس عمل کے ماتحت جو جنات کا بادشاہ ہے اسکے چار وزیر ہیں اور ہر وزیر کے ماتحت ۲۰ سردار ہیں اور ہر سردار ۲۰ کوس کی حکومت (سرداری) رکھتا ہے۔ اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ آپ ۲۰ کو ۲۰ سے ضرب دیں گے تو کل رقبہ حکومت حاصل ہوگا۔ پس یہی حکومت حاصل ہوگی عامل کو روحانیت میں۔ جو کامیاب ہوگا اسکے علاقے میں جو بھی داخل ہوگا اسکو معلوم ہوگا آسیب والے مریض کو اسکا صرف پیغام ہی کافی ہوگا۔ جس صاحب کے اوپر نظر

Scanned with CamScanner

عمیق ڈالے گا تمام احوال اسکے ظاہر ہونگے۔ جو صاحب سلام کیلئے ہاتھ بڑھائے گا ہر معلومات نام بمعہ والدین تک خود بخود معلوم ہو جائیں گے جس کام کے واسطے آیا ہے وہ بھی اور اسکا حل بھی ظاہر ہوگا۔ نااہلوں سے پوشیدہ رکھنا اسلئے کہ وقت کا قطب متعین ہوتا ہے۔ اس عمل میں صرف اہل ہی کامیاب ہوتا ہے پرہیز گاری شرط اول ہے۔ باقی وہ تمام لوازمات پورے کرنے ہونگے جو ایک عمل باموکل کے لئے ہیں۔ پرہیز جلالی، جمالی ضروری ہے۔ کل مدت عمل ۴۱ یوم ہے اور روزانہ پڑھائی دوران عمل اور بعد میں مداومت عمل بھی ۴۱ مرتبہ رکھنی ہے۔ درود شریف اول آخر 11+11 مرتبہ، بخور لوبان اور ذکر ہے لیکن آپ صندل اور لوبان کا بخور بھی دوران عمل جلا سکتے ہیں۔ حصار کے اندر پانی کا موجود ہونا بہت ضروری ہے اور اسی طرح حصار آپ لوہے کی چھری یا چاقو سے کریں جسکی دستی بھی لوہے کی ہو تو بہتر ہے۔

حصار

آیۃ الکرسی ۷ مرتبہ اور معوذتین ۱۱ مرتبہ ملا کر پڑھیں۔ پہلے چھری پر دم کر کے بڑا دائرہ لگا کر چھری کو سامنے گاڑ دیں اور پانی کو اپنے پاس رکھیں۔

عزیمت عمل

اعوذ بالله السمیع العلیم من الشیطن الرجیم بسم الله الرحمن الرحیم. قل اوحی الی انه استمع نفر من الجن فقالوا انا سمعنا قرآنا عجبا یهدی الی الرشد فامنا به افحسبتم انما خلقنکم عبثا وانکم الینا لا ترجعون یا معشر الجن و الانس ان استطعتم

ان تنفذوا من اقطار السموت والارض فانفذوا لا تنفذون إلا بسلطن. اقسمت علیکم وعزمت علیکم اجب یا جبرائیلؑ بحق انا اعطینک الکوثر یا دردائیلؑ بحق فصل لربک وانحر. یا رفتمائیل بحق ان شانئک هو الابتر. یا تنکافیکلؑ بحق یا بدوح حاضر ہو حاضران جنات بحق حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام حاضر شو حاضر شو حاضر شو یابدوح یا بدوح یا بدوح یا جبرائیلؑ جبر کر۔ یا میکائیلؑ مار کر۔ یا اسرافیلؑ اثر کر۔ یا عزرائیلؑ پکڑ کر شہنشاہ جنات کو حاضر کر بحق یا حی یا قیوم برحمتک یا ارحم الراحمین۔ چاروں طرف کرو کام یا بدوح یا بدوح یابدوح۔

(6) حاضری جنات

تمام لوازمات کو پورے کرتے ہوئے آپ بنیت حاضری جنات ۴۱ یوم کا چلہ ادا کریں روزانہ وقت جگہ مقرر حصار آیۃ الکرسی کا لگائیں اور ایک بڑی شمع موٹی بتی والی جو ۴۱ یوم تک ختم نہ ہونے پائے آپ روزانہ ۴۱ مرچ سیاہ لیں اور ہر مرچ پر ۴۱ مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھ کر اچھی طرح دم کریں اور پھر اسکو جلائیں شمع کی لو میں پھر دوسری لیں اس پر ۴۱ مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھ کر دم کر کے جلائیں پھر تیسری پھر چوتھی اسی طرح ۴۱ مرچ سیاہ جلائیں روزانہ اور ۴۱ یوم تک عمل کریں کوشش کریں کہ شمع ختم نہ ہونے پائے دوران عمل نگاہ لو میں رکھیں۔ یہ ایک عجیب اور بہت ہی زبردست عمل ہے

۴۱ یوم کے بعد آپ عامل ہو جائے گئے آپ مندرجہ ذیل کام دعوی سے کریں۔

(i) حب، جلب قلب / حاضری مطلوب۔

(ii) نفرت، عداوت، جدائی، طلاق۔

(iii) وصولی قرضہ جات

(iv) تسخیر خلق ورجوع خلق

وغیرہ وغیرہ جیسے امور ہیں آپ چوکی لگائیں سورۃ الکوثر کی اور آپ شمع پر عمل شروع کردیں دوران عمل ہی اثرات اثر انداز ہو کر آپکے متعلقہ امور میں مصروف ہو جائیں گے۔

عزیمت عمل

اقسمت علیکم وعزمت علیکم

اجب یا جبرائیل . بحق انا اعطینک الکوثر

یا میکائیل بحق فصل لربک وانحر

یا اسرافیل بحق ان شانئک . یا عزرائیل بحق ھو الابتر.

(7) حاضری پری

شرائط عمل وطریقہ کار

(i) آبادی سے دور کریں۔

(ii) جس جگہ عمل کریں وہاں دوسرا کبھی نہ جائے دوران عمل چلہ کشی

(iii) تمام لوازمات وشرائط چلہ کشی کو پورا کریں۔

(iv) برلب آب جاری یا کنارہ دریا کریں۔

(v) بروز منگل یا اتوار شب کو کریں۔

(vi) پرہیز جلالی و جمالی ضروری ہے۔

(vii) دوران عمل عطر چنبیلی لگائیں اور چراغ بھی چنبیلی کے تیل کا روشن کریں جسکی بتی دیسی روئی جو ہاتھ سے صاف کی گئی ہو میں مندرجہ ذیل تعویذ رکھ کر پھر اوپر سے روئی کی بتی بطور فلیتہ بنائیں۔

۷۸۶

۲۲۹	۱۸۳۸	۶۸۷
۱۱۴۵	پری حاضر شو	۱۶۰۹
۱۳۸۰	۹۱۶	۴۵۸

(viii) چراغ کا رخ بجانب مشرق کریں اور خود چراغ رو ہو کر بیٹھیں۔

(ix) ۲۱ عدد مرچ سیاہ لیں اور ہر مرچ پر ۲۱ مرتبہ سورۃ الکوثر دم کر کے چراغ کی لو میں جلائیں۔

(x) اس عمل میں حصار کی ضرورت بالکل نہیں ہے۔ ہاں البتہ ذاتی طور پر اپنے اوپر تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کر سکتے ہیں۔

(xi) اول آخر درود ابراہیمی ۲۱+۲۱ مرتبہ پڑھیں۔

(xii) نیت عمل جل پری کی کریں۔

(xiii) پڑھائی ہر مرتبہ تسمیہ سے کریں اور سادہ سورۃ الکوثر ہی پڑھیں۔ صرف شروع میں درود سے پہلے تعوذ اور تسمیہ ایک مرتبہ فقط۔

(xiv) کل مدت عمل ۲۱ یوم ہے۔

(8) تسخیر ملکہ کوثر

شرائط عمل

(i) عمل میں پرہیز جلالی و جمالی شرط اول ہے۔

(ii) سگریٹ نوشی والے عاملین بالکل اس عمل کو نہ کریں۔

(iii) ہروقت باوضو رہنے کی کوشش کریں۔

(iv) دوران عمل کبھی تمباکو والا پان بالکل نہ کھائیں۔

(v) جب بھی کھانا کھائیں بعد میں مسواک کریں اور ایک عدد الائچی خورد منہ میں رکھیں۔ تاکہ خوشبو آئے۔

(vi) جس کمرے میں عمل کریں وہاں ہروقت اگربتی صندل سلگتی رہے۔

(vii) دوران چلہ کشی کبھی بھی دوسرا شخص داخل نہ ہو۔

(viii) سوموار اور جمعرات کا روزہ رکھیں اور چاند کی ۱۳ + ۱۴ + ۱۵ تاریخ کے بھی روزے رکھیں۔

(ix) تمام دن درود شریف کثرت سے پڑھیں۔ اور استغفار کرتے رہیں۔

(x) عورتوں سے اختلاط بالکل نہ کریں

(xi) دورانِ چلہ کشی بیرون شہر جانے کی بالکل اجازت نہیں ہے۔

(xii) دورانِ چلہ کشی کبھی بھی گالی وغیرہ بیہودہ بات منہ سے نکلنے تک نہ پائے۔

(xiii) فاسد خیالات سے گریز کرتے ہوئے اپنے اوپر کنٹرول کریں اور تصور و توجہ مضبوط رکھیں۔

(xiv) دورانِ عمل صندلین کا بخور سلگائیں لوبان کے ساتھ۔

(xv) چلہ کشی کے لوازمات جو کتاب ہٰذا کے شروع میں تحریر ہیں اچھی طرح مطالعہ کریں۔

عزیمت عمل

اقسمت علیکم و عزمت علیکم اجب یا ایھا المکۃ السیدۃ الکوثر سامعاً مطیعاً حاضرا بحق انا اعطینک الکوثر فصل لربک وانحر انّ شانئک ھوالابتر یا قادر پکڑ کر۔ یا ظاھر، ظاھر کر ملکہ کوثر کو حاضر کر۔ بحق المٓ اللّٰہ لا الہ الاّ ھو الحی القیوم۔

خواص عمل

جو ملکہ کوثر کو تسخیر کر گیا اسے اس دنیا میں کسی چیز کی کوئی کمی نہیں رہے گی۔ جو طلب کرے گا ایک ہی آن میں حاضر کر دے گی۔ پوشیدہ خزانوں کی خبر ہوگی۔ آنے والے طوفان آندھیاں اور زلزلوں وغیرہ کی خبر دو چند ہفتے پہلے ہی کر دے گی۔ حکومتوں کی تبدیلی اور راز کی باتوں سے آگاہ کرے گی۔ دنوں کا کام چند لمحوں میں کر دکھائے گی۔ تسخیرِ خلق اور رجوعِ خلق اتنی زیادہ ہوگی کہ آپ خود حیران رہ جائیں گے۔ لاٹری نمبرز اور امتحانی پرچہ جات کے سوالات وغیرہ کے علاوہ کمپیوٹرز کے پاس ورڈز اور جیب میں موجود نوٹوں کی تعداد وغیرہ تک معلوم کرنے کی صلاحیت رکھتی

Scanned with CamScanner

ہے۔زیادہ تعریف اچھی نہیں ہوتی جو حاصل کرے۔خواص عمل خود بخود صاحب عمل پریشان ہو جائیں گے۔

(9) تسخیر کلوا ''حبشی بچہ''

طریقہ کار و شرائط عمل

پرہیز جلالی و جمالی اتوار سے ہی شروع کر دیں۔ پھر منگلوار رات کو عمل شروع کریں تقریباً ۱۱ بجے باوضو ۳ روز عمل کریں۔ بمطابق وفق قمری (۲۷۵۴) پڑھائی کریں اول آخر درود ابراہیمی ۱۱+۱۱ مرتبہ۔ اس ترتیب سے شروع کریں کہ آخری رات شب جمعہ کی آئے۔ تین دن کے عمل کے بعد جب بھی حاضری ہو عمل پورا کر کے صرف اتنا کہیں کہ جب بھی عمل کروں فوراً حاضر ہو کر جس کام کا حکم کروں فوراً پورا کرنا۔ تجھے اس سورۃ اور قرآن کی قسم اگر کوتاہی کی تو روزِ قیامت دامن گیر ہوگا۔ اب آپ کو اجازت ہے آپ میرے لئے تسخیر خلق کریں جب تک میں دوسرا حکم نہیں کرتا۔ جب بلاؤں فوراً حاضر ہونا۔

طریقہ کار

برساتی مینڈک ۹ عدد پکڑیں اور چار سوتی کپڑے پر ذبح کریں اور خون سے اچھی طرح تر کر لیں۔ پھر سایہ میں خشک کریں پھر ۳ عدد فتیلہ جات بنائیں یعنی ایک فتیلہ کپڑے پر ۳ مینڈک کا خون لگانا ہے۔ بس عمل کل مدت تین یوم ہے اور کامل چلہ کشی ۹ یوم ہے۔ ۳ یوم کے بعد ۹ دن کے اندر اندر کبھی بھی کسی بھی دن حاضری ہو سکتی ہے۔ فتیلہ کے اندر مندرجہ

ذیل نقش روشن کریں۔

۲۵۰		۷۸۶	۶۴۷
۶۸۵	۶۹۰	۶۸۳	۶۹۶
۶۸۴	۶۹۵	۶۸۶	۶۸۹.
۶۹۴	۶۸۱	۶۹۲	۶۸۷
۶۹۱	۶۸۸	۶۹۳	۶۸۲
۵۹۰		۲۷۵۴	۷۶۲

اسی طرح ایک چراغ مٹی کا بنوائیں یا تانبے کا یا کانسی کا جس کے وسط میں مندرجہ ذیل تعویز سورۃ الکوثر کا کرید کر لکھا گیا ہو۔

دردائیلؑ		۷۸۶	جبرائیلؑ
۶۸۸	۶۹۱	۶۹۴	۶۸۱
۶۹۳	۶۸۲	۶۸۷	۶۹۲
۶۸۳	۶۹۶	۶۸۹	۶۸۶
۶۹۰	۶۸۵	۶۸۴	۶۹۵
تنکفیلؑ		وفق ۲۷۵۴	رفتمائیلؑ

چراغ کا منہ جبرائیل کی طرف ہونا چاہیے بس آپکا طلسمی چراغ تیار ہے۔اب آپ اس تیارشدہ چراغ میں تیار کردہ فتیلہ جلائیں گے اور عمل بمطابق وفق قمری پڑھائی کریں گے۔مگر یادرہے کہ دوران پڑھائی نہ فتیلہ ختم ہو اور نہ ہی تیل چراغ ختم ہونے پائے۔ایک دن فتیلہ دوسرے روز بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔مگر ۲ شرطیں ہیں ایک ہی دن میں دو فتیلے دوران عمل استعمال نہ کئے جائیں یعنی ایک ہی دن میں ایک ہی فتیلہ استعمال کیا جائے۔یوں چلہ کشی کے دوران بالکل نیا ہی استعمال کرنا ہوگا۔

دوسرا یہ ہے کہ اگر فتیلہ کی مقدار زیادہ ہے تو استعمال کرسکتے ہیں۔اگر شک ہو کہ درمیان عمل ختم ہونے کا خطرہ ہو تو بالکل استعمال نہ کیا جائے۔بعد میں آپ جب بھی اسکو جلانا چاہیں تو اسی طرح پڑھائی کریں کہ تمام شرائط وطریقہ جات عمل کو پورا کریں تو انشاءاللہ عمل کی ابتداء ہی میں حاضری ہوجائے گی آخر میں آپ اسکی ڈیوٹی لگائیں جس کام کا حکم کریں گے وہ بجالائے گا خواہ وہ کسی بھی قسم کا ہو۔ بچے ہوئے فتیلہ جات کو کسی اور موقع پر جلا کر کام لے سکتے ہیں۔

(10)۔حاضراتِ کبیر

عمل سورۃ الکوثر بطریقہ منتر

ایک ایسا زبردست اور طاقتور عمل ہے۔اگر آپ کے پاس کوئی حاضری سورۃ الکوثر نہ بھی ہو تو یہ عمل بغیر زکوٰۃ کے بھی پڑھ کر کسی بھی مقصد والے تعویذ پر چند مرتبہ دم کرنے سے کام کرے گا اور طاقتور اثر ظاہر کرے

گا۔تجربہ شرط ہے۔

آکوثر۔جاکوثر

حاضری کو گھیر گاکے لاکوثر۔

حاضرہویا حاضر کر یا کوثر میراھر کام کر

بحق انا اعطینک الکوثر۔فصل لربک وانحر

ان شانئک ھوالابتر۔یابدوح۔یابدوح۔یابدوح

چلہ کشی کی تمام شرائط وقواعد کو پورا کیا جائے اور پرہیز جلالی جمالی کو اختیار کیا جائے۔یہ عمل حاضرات حاضری کا سرتاج عمل ہے اس عمل کو جتنا زیادہ زوداثر اورقوی الاثر پایا ہے۔شاید ہی کوئی عمل ہو اسلئے کہ اس عمل کی تین زکاتیں علیحدہ علیحدہ تاثیر کی حامل ہیں۔

نمبر۱

۱۰۰ مرتبہ ۲۱ دن شیشے کے گلاس میں پانی بھر کر نظر اسمیں رکھیں زبردست حاضرات ہے جسمیں پریوں کی شہزادی کام دکھلائے گی۔نقش مثلث خالی البطن سورۃ الکوثر کے درمیانی خانہ کو سیاہ کرکے سمجھدار بچے پر حاضرات کے قواعد کے مطابق حاضری کرکے اپنے امورجات میں مدد لیں۔

نمبر۲

۵۰۰ مرتبہ ۱۰ یوم تلک یا ۲۱ یوم تلک برلب تالاب۔۲۱ یوم میں حاضری ہونے کے قوی امکانات ہیں گھبرائیں نہیں اس عمل میں نہ تو رجعت ہے اور نہ ہی خوف جان وغیرہ ہے پہلے عمل میں تاثیر سے یہ زیادہ

Scanned with CamScanner

طاقتور عمل ہے۔جیسا کہ تعداد عمل سے ہی واضح ہو رہا ہے۔

نمبر۳

۵۰۰ مرتبہ ۴۱ یوم یا ۱۱۰۰ مرتبہ ۴۱ یوم تلک ان دونوں تعداد میں حاضری واضح اور طاقتور ہوتی ہے جسمیں پریوں کی شہزادی پریوں کی ''جل پری'' حاضر ہوتی ہے یہ عمل برلب نہر یا دریا کریں۔عمل کی تعریف کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔جو کریگا خود بخود خواص اور فوائد عمل ظاہر ہو جائیں گے۔ہاں البتہ ۱۱۰۰ والی زکوٰۃ کسی بھی جگہ دی جا سکتی ہے مگر پری کی نیت نہ کرے۔

عمل نمبر ۱۱

اس کتاب کے آخر میں ایک ایسا عمل لکھ رہا ہوں جوان حضرات کیلئے ہے جو لمبے چوڑے چلے کرنے سے قاصر ہیں یا کمزور دل ہیں اور چلہ کشی میں خوف محسوس کرتے ہیں۔یہ عمل ان کیلئے آب حیات کی طرح ہے جو ہر جگہ کام دیگا اور وہ تمام کام کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے جو ایک بڑی حاضری کر سکتی ہے۔ہم آپ لوگوں کی سہولت کیلئے تمام طریقہ جات کو وضاحت سے بیان کرنے کی پوری پوری کوشش کرینگے انشاء اللہ صرف آپکی دعائیں چاہیے۔

طریقہ

سب سے پہلے حاضرات کرنے کا صحیح طریقہ معلوم ہونا ضروری ہے۔عام طور پر حاضرات کا طریقہ تقریباً ایک جیسا ہی ہوتا ہے لیکن بعض

حاضرات کے طریقے علیحدہ علیحدہ ہوتے ہیں لہذا ہم نے حاضرات پر ایک زبردست تحریر لکھی ہے (حاضرات الارواح) جو نوری حاضرات کا مجموعہ ہے جسمیں ایک سے ایک بڑھ کر عمل لکھا ہے۔یہاں پر ہم آپکو پہلے اس حاضرات کے متعلقہ طریقہ جات سے آگاہ کرتے ہیں۔

i۔باموکل سحرزدہ اور آسیب زدہ مریض پر حاضری کر سکتے ہیں۔

ii۔۷ برس کی بچی پر حاضری کر سکتے ہیں۔

iii۔صاف سفید کاغذ پر دائرہ لگا کر حاضری بھی دکھلا سکتے ہیں نابالغ بچے کو۔

iv۔ذرا سا تجربہ ہونے پر پانی کے گلاس،انڈا،زیرو بلب دھو دیا۔ آئینہ،کاغذ،مثلث خالی البطن سورۃ الکوثر،ناخن،ہتھیلی وغیرہ پر حاضرات دکھلا سکتے ہیں۔علاوہ ازیں آنکھیں بند کرا کر بھی حاضری کر سکتے ہیں مریض اور بچوں دونوں پر اسطرح حاضرات دکھلا سکتے ہیں۔

v۔بچہ صاف ستھرا ہو۔جس جگہ حاضری کی جائے وہ بھی صاف ہونی چاہیے۔

vi۔خوشبو کا استعمال بہتر ہوتا ہے اور بخور حاضرات کو کھینچ لاتا ہے اور مانوس رکھتا ہے۔

vii۔اگر حاضرات کا موکل مانوس ہو جائے تو آپ اسکی طبیعت اور کارکردگی سے واقف ہو جائیں گے جس سے آپکو کام لینے میں آسانی رہے گی اور اپنی حکمت عملی سے اپنے تمام امورجات میں زبردست طریقے پر خدمت حاصل کر سکتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

اسی طرح مؤکل بھی آپکی طبیعت سے اچھی طرح واقف ہوجاتا ہے اگر آپ محبت اور پیار سے جتلائیں گے تو یہ اور بھی خوش ہوکر آپکی خدمت کریگا۔

ix۔حاضرات میں پختگی اور تجربہ ہی آپکو کامیاب عامل بنا سکتا ہے۔

x۔کبھی بھی حاضرات کے مؤکل کو کمزور نہ سمجھنا چاہیے۔اسکی مانوسیت اور آپکا پیار کبھی بھی اسکو اس پر مجبور کرسکتا ہے کہ وہ آپکے خواب وخیالوں پر حاوی ہوکر آپکے سامنے ظاہر ہوجائے اور ایسا ممکن ہے۔کیونکہ ایسا چند احباب کیساتھ ہو چکا ہے۔انمیں سے ایک یہ بندہ عاجز بھی ہے۔

عزیمت حاضرات کبیر سورۃ الکوثر

اقسمت علیکم وعزمت علیکم اجب یا معشر الجن والانس ان استطعتم ان تنفذوا من اقطار السمٰوٰت والارض فانفذوا لا تنفذون الا بسلطٰن ربطاً ربطاً۔سامعاً سامعاً۔شرقاً غرباً۔شمالاً جنوباً۔ظاهراً ظاهراً۔مطیعاً مطیعاً۔حاضراً حاضراً بحق انا اعطینک الکوثر۔فصل لربک وانحر ان شانئک هو الابتر۔ یا ایها الرّوحانیون من جانب المشارق والمغارب جنوداً جنوداً۔جمیعاً جمیعاً بحق بسم الله الرحمن الرحیم الا تعلو علیّ وأتونی مسلمین۔

اول گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پوچھے پھر سات مرتبہ دم کر کے

پوچھے پھر پانچ مرتبہ دم کرکے پوچھے پھر تین مرتبہ دم کرکے پوچھے انشاء حاضرات کھل جائیگی اگر نہ کھلے تو بچے کو تبدیل کرلیں انشاء اللہ ایک مرتبہ حاضرات کھلنے پر وہ معمول ہوجائے گا آپ جب بھی حاضری کریں گے اس پر فوراً کھلے گی آہستہ آہستہ تجربہ بھی ہوجائے گا اور حاضرات بھی مانوس ہوجائیگی۔اول حاضرات معروف طریقہ پر کی جائے یعنی اولاً جھاڑو والا پھر بعد از صفائی میدان فوجیں بادشاہ کی طلب کی جائیں پھر تخت لگوایا جائے اور پھر بادشاہ کو نہایت ادب واحترام سے بلوایا جائے جب بادشاہ بیٹھ جائے تو سلام کہہ کر بادشاہ کو تحفہ جات پیش کئے جائیں، اور پھر بادشاہ سے عرض کی جائے کہ ہمیں چند کام ہیں آپ برائے مہربانی تعاون فرمائیں۔

پھر جس امر کے واسطے حاضری کی گئی ہے بیان کیا جائے۔اس حاضری سے آپ جو کام لے سکتے ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں اورانکے طریقے بھی بیان کئے گئے ہیں۔

(ا)۔جادو کی کاٹ و پلٹ

طریقہ

مریض کو حاضری میں بچہ کے پاس بیٹھایا جائے۔پھر بادشاہ سے کہا جائے کہ مریض کے اوپر سحر ہے برائے مہربانی آپ مکمل تفصیل بیان کریں کہ کس نے کیا؟ کیوں کیا؟ کہاں سے؟ کس قسم کا سحر ہے؟ اس کا صحیح حل کیا ہے؟ کیا بوجہ سحر آسیب ہوا ہے یا انکے اثرات پیدا ہو چکے ہیں۔

Scanned with CamScanner

علاج۔اب آپ پر منحصر ہے کہ آپ سحر کو بالکل ختم کروادیں یا کروانے والے پر لوٹا دیں اور اگر ان پر ہوائی اثرات ہیں انکو ختم کروادیں یا جلادیں یا اپنے دشمن پر مسلط کروادیں یعنی جادو کروانے والے پر۔

(۲)۔آسیب وسایہ

طریقہ

اگر کسی پر سایہ یا جنات وغیرہ کے اثرات ہیں یا کسی جگہ آسیب کا قبضہ ہے تو آپ پہلے حاضری کروائیں پھر حاضری کو یعنی بچہ کو اس جگہ حاضری کے ساتھ لے جائیں اور پھر انکو حاضرات میں بادشاہ کے حضور بلوا کر معاہدہ طے کرلیں اور فوراً مکان یعنی اُس جگہ کو کیل دیں اگر مریض ہے تو فوراً حفاظت نامہ ڈلوادیں یہ تمام کام دوران حاضرات ہی کرنا ہوں گے تاکہ کام تسلی بخش اور مضبوط ہوجائے۔اب آپکو یہ حیرانگی ہوگی کہ سایہ کے مریض کو حاضرات شروع ہونے کے بعد کیوں بلایا جائے یا حاضرات کرنے کے بعد آسیب والی جگہ کیوں لے جایا جائے۔اسمیں بھی ایک راز ہے اور احتیاط ہے کیونکہ بعض احباب سے یہ بات تجربہ پر ثابت ہوئی ہے اسی لئے اسی طریقہ میں بہتری ہے۔یہ حاضرات طاقتور ہے کمزور نہ سمجھیں آپ اپنی زندگی کے تمام امورجات میں مدد لے سکتے ہیں۔

(۳)۔دیگر امورجات

طریقہ

جب بھی کوئی تعویز یا نقش لکھیں تو آپ حاضرات کریں پھر بادشاہ سے عرض کریں کہ یہ کام لازمی ہونا چاہیے جب آپ لکھ چکیں تو آپ بادشاہ سے کہیں کہ دو فوجیوں کی ڈیوٹی صرف اس تعویز پر ہی لگادیں جب تک کام نہ ہو یہ فوجی اس کام کو پورا کرنے کی کوشش کرتے رہیں۔

آپ ایک کام کے تین یا چار نقوش تیار کریں گے لہذا آپ ہر ایک تعویز میں ۲+۲ فوجیوں کی ڈیوٹی لگوائیں یہی طریقہ اعلیٰ اور بہتر ہے۔بندہ عاجز اپنی طرف سے اس کتاب میں تقریباً تمام امورجات پر بحث کرچکا ہے اور ہر پہلو پر روشنی ڈالی ہے شاید ہی کوئی ایک نقطہ رہ گیا ہو۔اگر آپ محسوس کریں تو ہمیں آگاہ کریں تاکہ مزید مسائل کا حل بھی اسی سورۃ الکوثر سے کرنا سکھلایا جائے بندہ آپکی خدمت کیلئے تا بحد حیات حاضر ہے۔اس کتاب کو بغور مطالعہ کرنے سے آپکو بہت کچھ حاصل ہوگا جو آپکو ایک مضبوط عامل بنادے گا انشاءاللہ!

اللہ رب العزت ہمیں نور ہدایت سے منور کرتے ہوئے ایمان سے نوازے اور عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور میری اس کتاب کو ہر عامل تک پہنچائے اور ہر عام وخاص کو مستفید فرمائے آمین۔آمین ثم آمین!!!

خواب اور تعبیر

ہم نے چونکہ انداز تحریر ایسا لکھا کہ طالب حق کو ہر بات اچھی طرح سمجھ آجائے لہذا خوابوں کی تعبیر میں بھی ہم ایسا طریقہ اپنائیں گے کہ چند مثالوں و چند تعبیرات سے آپ میں ایسی صلاحیت پیدا ہوجائے گی کہ آپ ہر خواب کی تعبیر احسن طریقے سے کرسکیں گے جو صحیح تعبیر کے بالکل قریب تر ہوگی انشاءاللہ!

اگر آپ پھر بھی اس موضوع میں دسترس حاصل کرنا چاہتے ہیں تو بازار میں پائی جانے والی بے شمار کتب دستیاب ہیں مگر ہماری تحریر (خواب نامہ کبیر) ان تمام کتب سے بے نیاز کردے گی جو بازار میں پائی جاتی ہیں اس لئے کہ اس میں قدیم کتب میں درج خوابوں کی تعبیر کے ساتھ ساتھ دور حاضر میں آنے والے تمام ہر طرح کے خوابوں کی تعبیر ایسے انداز سے بیان کی گئی ہے کہ ہر سائل کے خواب کی تعبیر کرنے کیلئے آپکو بار بار کتاب نہیں کھولنی پڑے گی بلکہ آپ فوراً صحیح تعبیر کرسکیں گے انشاءاللہ!

کوشش آپکی کتاب ہماری تجربہ شرط ہے اس بات کا اندازہ آپ درج ذیل چند تعبیروں سے ہی لگا سکتے ہیں جیسا کہ ہم نے شروع میں ہی وضاحت کردی ہے۔

زیارات

زیارت بنیادی طور پر دو طریقوں سے ہوتی ہے۔

(1) ایک صاحب خواب مقام زیارت پر موجود ہو۔

(2) دوسری زیارت صاحب خواب کے مقام پر ہو۔

ان دونوں صورتوں میں تعبیر اچھی ہی ہوتی ہے اس لئے کہ زیارت سے مراد ادب اور نیک چیز کا دیکھنا ہے مثلاً کسی آسمانی کتاب یا روضہ، مزار، بزرگ ہستیاں وغیرہ کیونکہ فرشتے بھی زیارت میں ہی شامل ہیں وضاحت ان میں سے ہر ایک کی علیحدہ علیحدہ ہے اس کی تفصیل ہماری کتاب ''خواب نامہ کبیر'' میں ملے گی مگر

مجمل تعبیر

خیر، اچھائی، بھلائی، نیک اور دنیا و آخرت میں بلند مقامی، حصول مقصد قبولیت عمل و دعا ہے۔

زیارت کے متعلقہ چند خوابوں کی تعبیر تفصیل سے۔

i۔ محمد رسول اللہ ﷺ کی زیارت

یہ زیارت حقیقی ہے قبولیت عمل ہدائیت اور بزرگی کی علامت ہے۔ مقصد میں کامیابی ہو۔

ii۔ انبیاء علیہ السلام میں سے کسی کی زیارت کرنا:

تفصیلاً ہر نبی کی زیارت بمعہ نام اور تعبیر ہماری کتاب ''خواب نامہ کبیر'' میں

Scanned with CamScanner

موجود ہے مختصر یہ ہے کہ دشمن پر غلبہ ہو، حصول مقصد، عمل میں کامیابی اور ہدایت حاصل ہو۔

iii۔صحابیؓ کی زیارت کرنا

صحابہ اکرام میں سے کسی ایک یا زیادہ کی زیارت کرنا علم وعمل میں ترقی ہوا نصاف پسند ہو مرتبہ شہادت حاصل ہو زہد وتقوی اختیار کرے۔ مزید تفصیل ہر صحابی کی زیارت پر دیکھئے ''خواب نامہ کبیر''۔

iv۔اولیاء اکرام کی زیارت کرنا

نیکی کی راہ پر چلے، عمل میں کامیابی، مقصد حاصل ہو، مرشد کامل نصیب ہو اور دولت مند بنے۔

v۔درویش بزرگوں کی زیارت

علم لدنی حاصل ہو، عمل میں کامیابی، دشمن پر احسان کرے، گوشہ نشینی کو اختیار کرے، سخاوت کرے مگر مالی تنگی آئے۔

vi۔خانہ کعبہ کی زیارت کرنا

قبولیت عمل کی نشانی ہے حج نصیب ہو یا عمرہ کرے نیکی کی راہ پر چلے۔

vii۔مسجد نبویؐ کی زیارت کرنا

دیندار بنے، علم وعمل میں ترقی ہو، کوئی دینی کام سرانجام دے، آخرت میں درجات بلند ہوں۔

viii۔مسجد یا مدرسہ کی زیارت

دیندار بنے قبولیت عمل، اسلام کا خادم، آخرت میں نجات ہو، خوش نصیبی کی علامت ہے۔

x۔فرشتوں کی زیارت کرنا

مختلف فرشتوں کی زیارت انکے نام کے اعتبار سے علیحدہ علیحدہ تعبیر ہے تفصیل کیلئے ''خواب نامہ کبیر'' دیکھیں مگر زیادہ تر خیر اور بہتر تعبیر ہے قبولیت عمل اور بلندی درجات دو جہاں ہے۔

xi۔روحوں کو خواب میں دیکھنا

نیک روحوں کی تعبیر نیک وحصول مقصد وکامیابی کی علامت ہے اور بدروحوں کو دیکھنا سحر یا آسیب میں مبتلا ہو نقصان کی علامت ہے۔

xii۔جنات کو خواب میں دیکھنا

نقصان، جادو، آسیب کی علامت ہے نقصان ہو یہ تعبیر مختصر اور عمومی ہے مختلف کیفیات میں تعبیر تبدیل بھی ہوجاتی ہے تفصیل ''خواب نامہ کبیر'' میں دیکھیں۔ مثلاً اگر عامل دیکھئے تو قبولیت عمل کی علامت ہے۔

xiii۔پریوں کو خواب میں دیکھنا

دیویوں اور پریوں کو دیکھنا حصول مقصد وکامیابی وبہتری کی علامت ہے دنیاوی ترقی پائے۔

Scanned with CamScanner

iv۔قرآن مجید کی زیارت کرنا

قرآن مجید کا پڑھنا یا لکھنا یا زیارت کرنا ہر لحاظ سے فائدہ مند اور بہتری کی علامت ہے دنیا و آخرت میں ترقی و نیکی کی علامت ہے خوشی حاصل ہو نیک بنے۔

v۔دینی کتب کا دیکھنا

دیندار بنے علم دینی حاصل ہو۔ترقی درجات اور قبولیت عمل کی نشانی ہے۔

iv۔تعویزات

(1) اگر دیکھے کہ تعویز ملا ہے کسی جگہ سے تو سحر یا آسیب میں مبتلا ہو

(2) اگر دیکھے کہ تعویز پہنا ہے تو حفاظت ہو

(3) اگر دیکھے کہ تعویز لکھا ہے تو قبولیت عمل و شفاء اور دفع حاسدان کی علامت ہے۔

کھانے اور پینے کے خوابوں کی تعبیر

i۔پھل:

(1)۔اگر دیکھے کہ تازہ اور خوش ذائقہ پھل کھایا ہے خواب میں تو خوشی کی علامت ہے فائدہ ہو اگر پھل دیکھا ہے تو بھی بہتری کی علامت ہے۔

(2)۔اگر پھل خراب یا بدذائقہ دیکھے یا کھائے تو نقصان کی علامت ہے بیمار ہو مالی نقصان ہو۔

(3)۔یہی تعبیر میوہ جات اور پھولوں کی ہے ہر پھل اور پھول کی تفصیل کیلئے

''خواب نامہ کبیر'' دیکھیں۔

iv۔کھانا کھانا

اگر سبزی یا دال وغیرہ خوش ذائقہ کھانا کھایا ہے تو نعمت میں زیادتی اور برکت کی دلیل ہے۔

v۔بھنا ہوا گوشت کھانا

تکلیف و رنج کی علامت ہے اور اگر کچا گوشت دیکھے تو بہتر ہے کہ گوشت صدقہ دے اس لئے کہ نقصان کی علامت ہے۔

i۔پانی پینا

اگر دیکھے کہ صاف پانی پینا ہے تو صحت کی علامت ہے اللہ کی طرف سے نعمتوں میں برکت پیدا ہو۔

ii۔شراب پینا

گمراہی کی علامت ہے نقصان پر دلیل ہے توبہ و استغفار کرے اور صدقہ دے۔

باغات دیکھنا

سبزہ یا ہریالی دیکھنا بہتری کی علامت ہے۔

(1)۔تفصیل اسکی یہ ہے کہ اگر دیکھے کہ پھلوں اور پھولوں کے باغات ہیں تو مالی فائدہ ہو ترقی کی علامت ہے عزت و صحت پر دلیل ہے۔

(2)۔اگر جنگلات سرسبز و شاداب دیکھے تو محنت و مشقت پر روزی میں

Scanned with CamScanner

اضافہ ہو خیر اور بہتری کی علامت ہے

(3)۔اگر خشک جنگل یا باغ دیکھے تو نقصان و تنگ دستی کی علامت ہے صدقہ دے اور کسی بزرگ سے دعا کروائے۔

ہم نے چند خوابوں کی مثال دیکر سمجھا دیا ہے کہ خوابوں کی تعبیر کرنا مشکل نہیں ہے آپ بالکل صحیح تعبیر کے قریب تر تعبیر کر سکتے ہیں مگر مہارت حاصل کرنا علم تعبیر میں ضروری ہے خاص کر عاملین کیلئے اور گھر کے بڑے ذمہ دار حضرات کیلئے اس لئے کہ اکثر حالات اور واقعات خوابوں کے ذریعے ہم تک پہنچتے ہیں مگر ہم اس علم سے نا آشنا ہونے کیوجہ سے اندھیرے میں رہتے ہیں صحیح حل نہیں کر پاتے اس لیے اس علم میں مہارت حاصل کرنا زندگی کا ایک حصہ ہے ضروری ہے کسی نہ کسی حد تک مہارت ضرور ہونی چاہیے اس لیئے کہ بعض خوابوں کی تعبیر خواب کے برعکس بھی ہوتی ہے یہ بات سائل یعنی صاحب خواب کی کیفیت پر دلالت کرتی ہے اس لیئے ضروری ہے کہ ''خواب نامہ کبیر'' ہر گھر میں موجود ہو۔

خط نمبر 1

از اے۔ایم عثمانی المعروف عثمانی بابا

عارضی رہائش: کراچی مستقل رہائش: لاہور

میں نے مختلف کتابوں کا مطالعہ کیا پڑھ کر تعجب بھی ہوتا ہے اور افسوس بھی اکثر کتابوں کا مواد دیگر چند کتب سے چوری کر کے ایک کتاب بنا کر مارکیٹ میں بھیج دی جاتی ہے یہ سب یقیناً اپنی جھوٹی شہرت اور روپے کیلئے ہے ورنہ انسان کا ضمیر اس بات کا گوارہ نہیں کرتا کہ دوسروں کی کتب سے عمل چوری کر کے اپنے لئے کتاب لکھ ڈالے۔

دور حاضر میں کاش البرنی رحمۃ اللہ کے بعد دوسرے آپ ہیں جس میں مجھے خلوص اور ہمدردی دکھائی دی اللہ تعالی جل شانہ آپکو اپنے مقصد میں کامیاب فرمائے اور دن دوگنی رات چوگنی ترقی عطاء فرمائے

میری دعا ہے کہ آپ اسی طرح ہر عمل کی وضاحت کرتے ہوئے عملیات کے میدان میں اصلاح کرتے چلے جائیں اللہ تعالیٰ آپکو لمبی عمر اور صحت کاملہ بھی دے اور آپ سے گزارش ہے کہ میری صحت کیلئے دعا کریں۔

دعا گو

اے ایم عثمانی بابا

Scanned with CamScanner

خط نمبر 2

از پیر خادم حسین شاہ مڑکن کاظمی سکنہ 431/E.B چیچہ وطنی روڈ بورے والا

جناب محترم ومکرم پیر محمد سعد اللہ الروحانی البرق صاحب

ہمیں بڑی خوشی ہوئی کہ دور حاضر میں پائی جانے والی تمام کتب جو عملیات پر تحریر کی گئی ہیں ان سے بے نیاز کرتی ہوئی آپ کی اس تحریر سے جسکی وجہ سے ایک عام عامل بھی اپنے عمل میں کامل بن سکتا ہے اور طرح طرح کے عملیات کی الجھنوں سے بچ کر اپنا قیمتی وقت اس مصروف دور میں بچا سکتا ہے۔

میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالی صدقہ پنجتن پاک آپ سے اسی طرح دینی کام لیتا رہے اور آپ عاملین کی سرپرستی اور کاملین کی راہنمائی کرتے رہیں۔

آمین!

دعا گو

پیر خادم حسین شاہ مڑکن کاظمی

خط نمبر 3

از پیر عامل صوفی محمد اصغر چشتی صابری محلہ گئوشالہ بورے والا

محترم جناب پیر محمد سعد اللہ الروحانی البرق صاحب بورے والا

آداب!

شروع شروع میں جب میں نے عملیات میں قدم رکھا تو کئی طرح کے مختلف سفلی عملیات سے واسطہ پڑا اور کئی عمل بھی کیے۔ آہستہ آہستہ جب احساس ہوا کہ ان میں روحانیت نہیں ہے بلکہ صرف عمل ہی عمل ہے اور دنیا داری سے ذہن آخرت کی طرف سوچنے لگا تو بندہ نے توبہ کی اور درباروں، مزاروں پر حاضری دینی شروع کی میرے شہر میں چھوٹے بڑے کئی دربار تھے میرے علاقہ میں موجود بڑا دربار بابا حاجی شیر دیوانِ اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کیطرف دل زیادہ مائل ہونا شروع ہوا مگر کئی حاضریوں پر احساس ہوا کہ وہاں روحانیت ہے مگر روحانی سلسلہ بیعت کا انتظام نہیں ہے۔

لہذا بندہ نے علاقہ سے باہر پاکپتن شریف میں بابا فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ پر حاضری دینی شروع کر دی کہ رفتہ رفتہ انکے سلسلہ چشتیہ سے فیض روحانیت حاصل کرنا شروع کیا اور بندہ سلسلہ چشتیہ صابریہ میں بیعت ہو گئے مگر اب چونکہ کافی عرصہ عملیات سے وابستہ رہا کوئی ایک مضبوط عمل قرآنی جو تمام سفلی عملیات سے بے نیاز کر دے کی سخت ضرورت تھی مگر مختلف کتابوں کے مطالعہ سے پتہ چلا کہ عمل تو ہر ایک درج ہے لیکن یہ نہیں پتہ یہ تعویز کس آیت کا ہے یا کس سورۃ کا اور پتہ نہیں پوری طرح

Scanned with CamScanner

اثر دکھائے گا یا نہیں ایک بے یقینی کی کیفیت تھی مگر پھر بھی پوری تسلی دل کو نہیں ہوتی تھی میں نے اپنے مرشد سے بھی رابطہ کیا مگر انہوں نے یہ کہہ کر خاموش کر دیا کہ طریقت اور چیز ہے اسکا تعلق قرب الٰہی سے ہے اور روحانیت سے ہے اور عملیات اور چیز ہے یہ دونوں علیحدہ علیحدہ راستے ہیں۔ مگر جیسے ہی آپ کی کتاب میری نظر سے گزری میرے دل کو ایک سکون آ گیا ہے یقین پختہ اور ایمان تازہ ہو گیا ہے بندہ نے آپکو عالم دین کے ساتھ ساتھ عامل قرآن پایا ہے جسکو دینی اور دنیاوی روحانی اور قرآنی علوم پر دسترس ہے اور آپکو مختلف سلسلوں کی دینی محفلوں میں دیکھا اتنی کم عمر میں اتنا محقق میری نظر سے نہیں گزرا اللہ رب العالمین آپکو ہمت اور صحت کے ساتھ ساتھ لمبی عمر عطا فرمائے۔

برائے مہربانی آپ میری دو مسئلوں میں راہنمائی فرمائیں۔ ایک جسکو بندہ نے تفصیلی درج کیا ہے تحریر میں یعنی مضبوط عمل قرآنی جو مجھے طرح طرح کے عملیات سے بے نیاز کر دے اس کتاب کے متعلقہ اور اس کتاب کی اجازت فرما کر شکریہ کا موقع دیں۔

دوسرا آپ اپنا سلسلہ بیعت و روحانی سے آگاہ فرمائیں تا کہ وہ لوگ جو کاملین کی تلاش میں ہیں انکو آپکی نشاندہی کر سکیں۔

والسلام

خیراندیش

صوفی محمد اصغر چشتی صابری

جواب: السلام علیکم ورحمۃ اللہ علیہ وبرکاتہ

جناب صوفی محمد اصغر صاحب چشتی صابری صاحب

اللہ رب العزت آپکو ہدایت کا ذریعہ بنائے اور پیر طریقت ورہبر شریعت کیساتھ ساتھ آپ کے دل میں اتحاد المسلمین کا جذبہ پیدا کرے جو دور حاضر کی اشد ضرورت ہے۔

سب سے پہلے عاجز آپکو اپنے روحانی سلسلہ بیعت سے آگاہ کرتا ہے۔ بندہ ناچیز نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ حصولِ دین اور روحانیت کی تلاش میں خرچ کیا ہے۔ جس پر عاجز نے کراچی سے لے کر لاہور تک اور لاہور سے لے کر پشاور تک غرض کہ جہاں بھی معلوم ہوا کہ فلاں جگہ پر فیض روحانی موجود ہے فوراً اُس جگہ سفر کیا مگر کئی مزاروں اور درباروں پر حاضری دینے پر یہ بات واضح ہو گئی کہ چند درباروں پر اللہ کی رحمت اور صاحبِ قبر روحانیت سے سرشار ہیں لیکن اکثر مزار اور دربار روحانیت سے خالی پائے۔ اور جن درباروں یا مزاروں پر روحانیت محسوس کی وہاں پر موجود گدی نشین و متولی حضرات کو روحانی فیض سے خالی پایا۔ بندہ اس چیز کا منکر نہیں کہ روحانی سلسلوں میں فیض روحانیت نہیں ہے۔ بلکہ ہر سلسلے میں بڑی بڑی بزرگ ہستیاں پیدا ہوئیں ہیں۔ بندہ ناچیز احتراماً وعقیدتاً اللہ سبحانہ، تعالیٰ کے نیک بزرگوں کی خاک کو سلام کرتا ہے جس خاک سے اللہ رب العزت نے اپنے نیک بزرگوں اور اولیاء کرام کے جسم مبارک بنائے جبکہ وہ خاک جسم بنانے سے پہلے کچھ نہ تھی۔ عاجز نے تو خود سب سے پہلے سلسلہ نقشبندیہ سے فیض حاصل کیا پھر مزید روحانیت کی تلاش میں سلسلہ اویسیہ کاظمیہ سے فیض حاصل کیا پھر مختلف معروف وغیر معروف ہستیوں سے وقتاً

فو قتاً فیض حاصل کرتا رہا یہاں تک کہ چاروں بڑے سلسلوں کے مکمل اسباق واذکار کے ساتھ ساتھ ہر سلسلے کے اعمال بھی پورے کیے مگر غور کرنے پر ایک حقیقت یہ بھی سامنے آئی کہ آج کل سلسلوں میں موجود مرشد حضرات روحانیت کی اصل روح سے خالی ہیں بلکہ ان میں حب جاہ وحشمت دیکھنے میں آئی ہے اگر بالفرض روحانیت موجود ہے تو وہ فیض نہیں جو اولیائے کرام میں تھا۔ یعنی کامل ولی میں اور وہ سادگی نہیں جو اسلام سکھلاتا ہے۔ اور روحانیت کی وہ اصل طاقت ہی موجود نہیں ہے جو ایک کامل مرشد اپنے ایک مرید کو دیتا ہے۔ جس طاقت کی وجہ سے مرید صرف اپنے مرشد کا ہی ہوکر رہ جاتا ہے بلکہ دوسری طرف دیکھنا شرک سمجھتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ آجکل اکثر سلسلوں میں بیعت شدہ لوگ ہی مصیبت پڑنے پر جعلی وسفلی عاملین کی دال روٹی کا ذریعہ بنے ہوئے ہیں۔ اس لئے کہ ان میں فیض کی تلاش اور عقیدت حد درجہ کی ہوتی ہے اور اپنے مرشد سے اس درجہ کا فیض ملتا نہیں۔

ایک طبقہ وہ بھی ہے جو سرے سے ہی نہیں مانتا اس لئے کہ اکثر پیر حضرات بہت ساری ظاہری وباطنی کمزوریوں کا شکار ہوتے ہیں اور یہ طبقہ اکثریت کی وجہ سے دو چند کامل ہستیوں کو بھی نظر انداز کر جاتا ہے۔

اور ایک طبقہ عقیدت مند تو ہے مگر یہ کہہ کر دل کو تسلی دیتا ہے کہ اصل درویش ہستیاں اور بزرگ حضرات موجود تو ہیں مگر دنیا والوں سے چھپ گئے ہیں جنگلوں میں یا پہاڑوں میں۔

اسی وجہ سے عاجز نے ایک عرصہ پہاڑوں اور جنگلوں میں بھی گزارا اصل ولایت کاملہ اور حقیقت کی تلاش میں اور اللہ رب العزت سے رو رو کر دعائیں مانگیں

آخر کار میری محنتوں کا پھل مجھے ملنا شروع ہو گیا اور اللہ جل شانہ، کا خاص فضل وکرم اور رحمتیں وبرکتیں نصیب ہوئیں اور بندہ پر یہ حقیقت القا کی گئی بار ہا مرتبہ

''ہر دور میں امت مسلمہ کو جس فیض کی ضرورت تھی اللہ تعالیٰ نے اپنے نیک بندوں کے ذریعے امت تک پہنچا کر مسلمانوں کے ایمان کو مضبوط بھی بنایا اور امت مسلمہ کو بڑھایا۔ پیشوا بزرگ ہستیوں نے اپنی سمجھ کی بنا پر روحانی فیض کو سلسلوں کا نام دیا (قادریہ، نقشبندیہ، چشتیہ، سہروردیہ) اور بعض بزرگوں نے مزید تخصیص کرتے ہوئے اپنے ناموں کو بھی سلسلوں سے جوڑ کر سلسلے جات بنائے (نوشاہی، قلندری، صابری ، نقیبیہ، سروری، نظامی، سلطانیہ وغیرہ)۔ جس کی وجہ سے امت مسلمہ مزید در مزید تقسیم ہوتی چلی گئی اور دوسری طرف مسلکوں اور پھر ہر مسلک کی تنظیموں اور جماعتوں نے مزید در مزید تقسیم کر دیا اس نا اتفاقی اور تقسیم کی وجہ سے نا صرف دلوں میں دوری پیدا ہوئی بلکہ کدورت بھی پیدا ہوئی یہی وجہ ہے کہ امت مسلمہ اللہ جل شانہ، کی اجتماعی رحمت سے محروم ہو کر رہ گئی ہے۔ اس لئے کامل بزرگ ہستیاں دنیا سے کنارہ کش ہو کر یہ سوچنے پر مجبور ہیں کہ کاش کوئی اللہ کا بندہ اس سخت امتحان سے گزر کر امت مسلمہ کو اس حقیقت سے روشناس کرواتے ہوئے دین محمد رسول اللہ ﷺ کا اصل مقصد اور دین کی اصل روح سمجھائے اور امت مسلمہ کو نا اتفاقی سے نکال کر اتفاق اور بھائی چارہ کی روح پھونک دے اور مسلمانوں کو متحد کر دے''

واقعی یہ امتحان بہت ہی زیادہ سخت اور مشکل ترین ہے اس لئے کہ بڑے بڑے درباروں اور مزاروں کے گدی نشینوں، سفلی عملیئے پیروں، روحانی سلسلوں والے پیروں اور تمام مسالک کے ملاؤں، تنظیموں اور جماعتوں سے ایک ساتھ ایک ہی وقت

میں ٹکر ہے اسی لئے عرصہ دراز سے کوئی بھی ولی کامل اس خطرناک امتحان سے گزرنے کو تیار نہیں ہے۔اور یہ کہہ کر اپنے دل کو تسلی دیتے ہیں کہ اس کام کو حضرت امام مہدی علیہ السلام سرانجام دیں گے۔اور ہم تو صرف انتظار میں ہیں۔

اگر کسی جگہ آگ لگ جائے تو ہم اس انتظار میں رہیں کہ فائر بریگیڈ کا عملہ ہی اس آگ کو بجھائے تو یہ سوچ انسانی ضمیر کے خلاف ہے۔انسانی ہمدردی کا تقاضہ یہ ہے کہ ہر شخص اپنی ہمت کے مطابق آگ کو بجھانے کی کوشش کرے۔اور یہ بات دیکھنے میں بھی آئی ہے کہ ہر انسان کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ آگ کو جلد از جلد بجھا کر انسانیت کا تقاضہ پورا کرتا ہے۔بلکہ بعض لوگ آگ کے اندر گھس کر انسانوں کو بچانے کی کوشش کرتے ہیں۔اور انسانیت اسی بات کا درس دیتی ہے۔

یہ فقط دل کو تسلی ہے اگر ہمت کی جائے اور امت مسلمہ کو حقیقت سے روشناس کروایا جائے تو آج بھی امت مسلمہ میں متحد ہونے کا جذبہ موجود ہے بلکہ اکثر مسلمان اس نااتفاقی سے تنگ ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ مسلمانوں کو ایک قوم اور ملت بنا۔اللہ تعالیٰ ہمیں ہمت اور توفیق دے اس کام کو سرانجام دینے کی۔آمین!

اس لئے کہ اللہ رب العزت نے سارے دینوں (دور حاضر میں پائے جانے والے تمام دین) کا مجموعہ دین محمدؐ رسول اللہ سید الانبیاء کو عطاء کیا اور تمام آسمانی کتابوں کا مجموعہ آسمانی کتاب قرآن مجید عطاء کی اور یہ بات طے شدہ اور حقیقت ہے کہ تمام انبیاء علیہ السلام ہمارے نبی محمدؐ رسول اللہ ﷺ کی حمایت اور اللہ کے دین کیلئے مبعوث کئے گئے ہیں۔اسی لئے آپ محمدؐ ﷺ کی محنت (دعوت وتبلیغ) صرف مشرکوں کیلئے نہیں تھی بلکہ ہر طبقہ کے ہر اس شخص کیلئے تھی جو کسی بھی دین سے تعلق رکھتا یا

نہ رکھتا ہو یعنی کل بنی نوع انسان (اور جن) شامل ہیں۔خواہ وہ یہودی ہوں یا نصرانی اور عیسائی ہوں یا ہندو یا وہ کیمونسٹ ہوں یا بدھ مت وغیرہ اسی لئے اللہ رب العزت نے یہودیوں عیسائیوں اور نصرانیوں کا نام لے لے کر انکے رائج الوقت قوانین اور عقائد کی تردید کرتے ہوئے واضح طور پر قرآن مجید میں فرمادیا ان الدین عند اللہ الا سلام (القرآن)۔

مقصد

مقصد معلوم ہوا کہ دعوت وتبلیغ کی محنت کا اصل مقصد تمام بنی نوع انسان خواہ وہ کسی ایک دین سے تعلق رکھتے ہوں یا کسی بھی طبقہ سے ہوں ان سب کو ایک دین (شریعت محمدیہ) پر متحد وقائم کردیا جائے اور یہ دین ہر انسان تک پہنچایا جائے اور یہ بھی مسلمہ بات ہے کہ جو بھی دین محمدؐ رسول اللہ ﷺ پر قائم ہوا خلوص سے کلمہ توحید ورسالت پڑھ کر اقرار کیا وہ ''مسلمان'' ہے۔

روح

اور ہمارے دین کی اصل روح توحید ورسالت ہمیں آداب واخلاق کا درس دیتی ہے نہ کہ تعصب وشدت اور تکبر وفخر کا۔

اگر ہم میں تعصب وشدت یا تکبر وفخر ہے تو دین اسلام کے روحانی فیض سے محروم ہیں۔اور اسی طرح اگر توحید ورسالت میں سے کسی ایک میں بھی کمزور ہیں تو دین کی روح بھی ہمارے اندر اتنی ہی کمزور ہے۔

اور اگر ہم فرقہ واریت کا شکار ہیں تو سمجھ لو ہم نے دین کا اصل مقصد ہی فوت کردیا۔

Scanned with CamScanner

لہٰذا تمام جماعتوں، سلسلوں، تنظیموں، مسلکوں اور انکے تعصب و شدت سے نکل کر ایک ہونے کا نام دین اسلام ہے اسلام ہمیں فرقہ واریت اور علیحدگی کا درس نہیں دیتا۔ اگر یہ سلسلے اور مسالک فرقہ نہیں تو کیا ہے تنظیمیں اور جماعتیں تو آگے انکی شاخیں ہیں ان سلسلوں اور مسلکوں کی۔

مجھے کوئی ثابت کرے کہ دین محمد ﷺ میں ان کی اجازت ہے اور اسی کا نام دین محمد رسول اللہ ﷺ ہے۔

اللہ کی قسم دین میں اگر ان سلسلوں کی اجازت ہوتی تو سلسلہ صدیقیہ ہوتا سلسلہ فاروقیہ اور عثمانیہ ہوتا یا سلسلہ حیدریہ ہوتا اور اگر دین میں اللہ کے علاوہ کسی غیر کی پرستی ہوتی تو افضل ترین شخصیت سیّد الانبیاء خیر البشر محمد ﷺ کی پرستی ہوتی تو سلسلہ محمدیہ ہوتا نہ کہ دین اسلام اور بالکل اسی طرح اگر علاقائی نسبتوں کی دین میں دخل دینے کی گنجائش ہوتی تو اہل مکہ کو مہاجر نہ کہا جاتا بلکہ ''مکی'' کہا جاتا اور اہل مدینہ (یثرب) کو یثربی یا ''مدنی'' کہا جاتا نہ کہ انصار۔

معلوم ہوا کہ اللہ رب العزت اور آپ محمد رسول اللہ ﷺ ان باتوں کے قطعاً خلاف تھے اور یہی ترتیب صحابہ اکرام کی تھی۔ اللہ رب العزت تو اعمال کو دیکھتے ہیں تو جب وہ عمل ایک حد تک پہنچ جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس عمل کی وجہ سے خطاب دیتے ہیں۔

مثلاً (i) صحابہ کے اعمال سے خوش ہو کر رضی اللہ عنہ کا خطاب۔

(ii) ہجرت سے خوش ہو کر مہاجر کا خطاب

(iii) نصرت سے خوش ہو کر انصار کا خطاب

(iv) پکے دین دار مسلمانوں سے خوش ہو کر مومن کا خطاب

اور اسی طرح شرک کرنے والوں کو مشرکین کا خطاب۔ کینہ بغض اور حسد رکھنے والے دوہری چال چلنے والوں کو منافق کا خطاب اور نافرمانوں اور کفر کرنے والوں کو کفّار کا خطاب دیا گیا ہے۔

دین اسلام میں ان باتوں کی گنجائش تو دور کی بات ہے تصوّر بھی نہیں ہے یہ بات طے شدہ ہے کہ ایک مجتہد سے اجتہادی غلطی ہو سکتی ہے۔

عاجز نے تحقیق کی ہے کہ حضرت امام ابوحنیفہ رحمتہ اللہ علیہ نے اپنے درس میں یا کسی کتاب میں یہ تعلیم نہیں فرمایا کہ جو شخص میرے حل شدہ فقہی مسئلہ کو اپنا کر دین پر چلے وہ اپنے آپکو میرا مقلد سمجھے اور جو میرا مقلد ہے وہ کسی دوسرے امام کے حل کردہ فقہی مسئلے کو نہ اپنائے اور وہ اپنے آپ کو حنفی ہی کہلائے۔

اگر فرمایا ہے تو ثابت کریں عاجز رجوع کرنے کو تیار ہے اس لئے کہ عاجز میں تعصب نہیں ہے شدت نہیں ہے مگر عقیدہ پختہ ہے۔ بالکل اسی طرح دوسرے اماموں یا آئمہ اکرام نے نہیں فرمایا ہے یہ تو بعد میں آنے والے علماء نے نسبتیں جوڑی ہیں جنکی وجہ سے ہم فرقہ واریت اور نااتفاقی کے اس موڑ پر کھڑے ہیں جو ہمیں ایک اور متحد نہیں ہونے دیتے۔

بالکل اسی طرح بعد میں پید ہونے والے صوفیوں اور زاہدوں نے نسبتیں جوڑ کر سلسلوں کو جنم دیا ہے اگر یہ بات ہم نیک نیتی سے سمجھنے کی کوشش کریں گے تو حقیقت معلوم ہوگی ورنہ دلائل تو ہر ایک کے پاس ہیں ہر کوئی اپنے آپ کو بہتر سے بہتر سمجھتا ہے۔

دعا ہے کہ اللہ رب العزت ہمیں سمجھنے اور عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے

Scanned with CamScanner

آمین! ثم آمین!

ایک نیک عمل کی بنیاد نیک نیت پر ہوتی ہے یہ عمل کی کسوٹی ہے اور عمل کا وزن خلوص پر ہوتا ہے یہ تقوٰی ہے اور عمل کا پھیلاؤ اور بڑھاؤ (باطنیہ) محنت ومشقت (باطنی) پر ہے یہ نفس کشی ہے۔

اور عمل کا بڑھاؤ اور پھیلاؤ (ظاہری فیض) دعوت وتبلیغ پر ہوتا ہے اور یہ جہد ہے۔اور عمل کا ثمرہ صبر سے حاصل ہوتا ہے اللہ رب العزت نے دین اسلام پر عمل کرنے والوں کے تین سلسلے بنائے ہیں اور ایک چوتھا سلسلہ آخری ہے جو نصیب والوں کو ملتا ہے۔

سلسلہ نمبر 1 مسلمانیہ

(قرآن مسلمین اور مسلمون کے الفاظ سے بیان کرتا ہے) یعنی مسلمان

سلسلہ نمبر 2 مؤمنیہ

(قرآن مومنون اور مومنین کے الفاظ سے موسوم کرتا ہے) یعنی مومن

سلسلہ نمبر 3 محسنیہ

(قرآن مجید محسنین کے الفاظ سے بیان کرتا ہے) یعنی محسنین

سلسلہ نمبر 4

اور آخری سلسلہ مرتبہ صالحین ہے۔

اور یہ درجات سلوک قرآن پاک نے بیان کیے ہیں اس پر ہم نے کوشش شروع کر دی ہے کہ تمام مسلمان متحد ہو کر دین اسلام کے قلعہ میں داخل ہو کر متحد

ہو جائیں بلکہ پوری دنیا کے مسلمانوں کو دعوت دیں کہ آؤ ایک اللہ ہی کی عبادت، ایک رسول کی اطاعت، ایک قرآن پر عمل کرتے ہوئے، اللہ کے رسول کی سنتوں پر عمل کرتے ہوئے ایک قلعہ میں متحد ہو جائیں۔یہی اللہ کی اصل منشاء اور چاہت ہے اسی مقصد کو قائم کرنے کیلئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور امام زمانہ حضرت مہدی علیہ السلام کا ظہور ہوگا۔

عاجز نے اس اتحاد کو قائم کرنے کی کوشش شروع کر رکھی ہے اور یہ کتاب اسی کوشش کا ذریعہ ہے آیئے آپ بھی میرے ساتھ شامل ہو کر مسلمانوں کی مدد کریں یہ راستہ بتلائیں کہ مسلمان تو صرف مسلمان ہے وہ لسانی وعلاقائی تعصبوں سے پاک ہوتا ہے وہ گروہوں اور نسبتوں سے بے عیب ہوتا ہے اللہ کے نزدیک تو وہ بندہ ہوتا ہے جو پرہیزگار متقی ہوتا ہے۔

عاجز کا یہی عقیدہ ہے یہی مسلک ہے اور یہی سلسلہ ہے۔مجھ سے پہلے یہ عقیدہ ولی سالک، وقت کے قلندر علامہ اقبال رحمۃ اللہ کا تھا میرے اس سلسلہ میں بڑے بڑے بزرگ پیدا ہوئے ہیں۔درویش شاہ شمس الدین تبریزی رحمۃ اللہ علیہ اسی طرح غور کرنے پر دین میں اتحاد پر محنت کرنے والے بہت سے بزرگ مل جاتے ہیں۔

اب آتے ہیں آپ نے جس وجہ سے ہم سے رابطہ کیا جو آپ کی اصل چاہت ہے عمل قرآنی وفیض روحانی۔اس سورت کا ہر طرح کا عمل اس کتاب میں درج ہے مگر پھر بھی مزید نشاندہی کر دیتے ہیں تاکہ میری اس کتاب کا ہر عمل وتعویز آپکو فائدہ پہنچاتے ہوئے اپنی پوری تاثیر دکھائے شرائط چلہ کشی کو پورا کرتے ہوئے

Scanned with CamScanner

تمام لوازمات عمل (عملیات) کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے۔

درود شریف 100 + 100 مرتبہ اوّل آخر **اللھم صلی علیٰ محمد و علیٰ آلہ وبارک وسلم** پھر سورۃ الکوثر ایک ہزار مرتبہ باوضو قبلہ رو کھڑے ہو کر سر پر قرآن رکھ کر کھلی جگہ یعنی سر پر سایہ یا چھت نہ ہو ۲۱ دن عمل کریں ۷+۷ دنوں کی علیحدہ علیحدہ نیتوں سے مسلسل۔

پہلے سات دن اللہ کے قرب حاصل کرنے کی نیت کریں۔ دوسرے سات دن آپ محمد رسول اللہ ﷺ کو ایصال ثواب کی نیت کریں تا کہ فیض محمدیہ حاصل ہو پوری تاثیر کے ساتھ۔ تیسرے سات دن حصول قوت روحانی وفیض قرآنی سورۃ الکوثر اور تسخیر خلق وموکل کی نیت کریں۔

یہ عمل سینے کے رازوں میں سے ایک خاص راز ہے جو خاص پیر حضرات کیلئے انمول تحفہ ہے۔ پھر دیکھیں قوت غیبی اور قوت روحانی اور فیض ربانی وقرآنی اور تسخیر۔ آخر میں کسی شیریں چیز پر ختم دیکر بچوں میں تقسیم کروائیں۔

یہ عمل نوچندی جمعرات سے شروع کریں اس طرح ہر نیت شب جمعہ سے ہی ہوگی۔ آپ جب بھی کوئی تعویز تحریر کریں تو سورۃ الکوثر پڑھتے جائیں اور نقش تحریر کرتے جائیں یا ہر نقش پر ۷+۷ مرتبہ پڑھ کر دم کرتے ہوئے بند کریں۔

خط نمبر ۴

از سائیں بابا غلام حسین جوت شاہی صابری

سکنہ چک نمبر 447/E.B بورے والا

جناب محترم! پیر محمد سعد اللہ الروحانی البرق صاحب

آداب!

ہم نے آپکی کتاب کا مطالعہ کیا آپکی لگن اور نیک نیتی پر فخر محسوس ہوا ہم درویشوں کی دعا ہے اللہ تعالیٰ آپکو ترقی دے علم وعمل میں اور مزید محنت کرنے کی توفیق دے۔

اس کتاب میں درج ہر عمل کو عملیات کے قوانین کے عین مطابق پایا لیکن مشہور ہے کہ بڑے بڑے استاد بوجہ حکمت عملی چند گر اپنے پاس رکھ لیتے ہیں۔

لہٰذا برائے مہربانی اس سورۃ الکوثر کے متعلقہ کوئی ایسا عمل بتلائیں جو آپ نے بوجہ حکمت عملی نہ تحریر کیا ہو۔ سفلی عاملین کے عمل وعامل کو تباہ وبرباد کرنے کی پوری تاثیر دکھائے۔

والسلام

دعا گو! سائیں بابا غلام حسین جوت شاہی

جواب: السلام علیکم رحمتہ اللہ علیہ وبرکاتہ

از عاجز محمد سعد اللہ الروحانی البرق

سائیں بابا عاجز نے ہر عمل کو بلا بخل درج کیا ہے اپنی اس کتاب میں اور کوئی چیز نہیں چھپائی جو عملی لحاظ سے ظاہر کرنی چاہیے تھی ہر عمل کو ظاہر کیا ہے مگر علم ایک سمندر ہے اور عاجز اپنی تحریر میں بیان کر چکا ہے کہ اگر کوئی بات سمجھ نہ آئے یا اس سورت کے متعلق کوئی مزید عمل پوچھنا چاہتے ہوں تو عاجز اپنے علم کے مطابق اللہ تعالیٰ کی توفیق

Scanned with CamScanner

سے ضرور رہبری کرے گا اس لئے ایک عمل درج کر رہا ہوں جسکا وار کبھی خطا نہیں جاتا اگرچہ کوئی عامل ہی کیوں نہ ہو اور وہ عمل اس کتاب میں درج نہیں ہے۔

آپ زوال ماہ قمری ثابت ماہ طالع منقلب یا منقلب ماہ میں بروز منگل آخری یا آخری ہفتہ ۴۱ دانے رائی کے لیکر سر برہنہ بغیر سایہ وچھت کے ہر دانے پر ۴۱ مرتبہ سورۃ الکوثر تصور کامل کے ساتھ بغیر والدہ کے نام سے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ سورۃ الکوثر مکمل پڑھیں آخری آیت یوں پڑھیں ان شانئک فلانہ ھو الا تبر فقط باقی سورۃ اسی ترتیب سے پڑھیں۔

اگر یہ پڑھائی چوراہے میں بیٹھ کر کی گئی تو دشمن آوارہ ہو جائے گا اور وہ ہر عمل اور کام سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ اگر یہ پڑھائی قبرستان میں کی گئی تو دشمن لاعلاج امراض میں مبتلا ہو جائے اور ہلاک ہو جائے۔ اگر یہ پڑھائی کسی اجاڑ جگہ یا ویران مقام میں کی گئی تو دشمن ہر لحاظ سے برباد ہو جائے۔ اور اگر یہ پڑھائی دریا کے کنارے کی گئی تو دشمن علاقہ چھوڑ جائے فقط رائی کے دانے دشمن ظالم کے گھر یا مقام پر پہنچنے ضروری ہیں بعد از پڑھائی۔ یہ عمل آزمودہ اور مجربات سے ہے۔ ناحق نہ کریں۔

والسلام

عاجز محمد سعد اللہ الروحانی البرق

خط نمبر ۵

از صوفی جمیل خان نقشبندی سیفی مانسہرہ روڈ حسن ابدال شہر

السلام علیکم!

پیر طریقت رہبر شریعت استاد جی الروحانی البرق صاحب

گذارش ہے کہ بندہ کو سریع الاثر طاقت ور ترین اس سورۃ کا عمل حب چاہیے جو کبھی خطاء نہ جائے لازمی اثر دکھائے۔

شکریہ!

آپکا تابعدار شاگرد

صوفی محمد جمیل نقشبندی سیفی

جواب: جناب صوفی جمیل خان نقشبندی سیفی صاحب

السلام علیکم ورحمتہ اللہ علیہ وبرکاتہ'!

اگر آپ اچھی طرح میری کتاب کا مطالعہ کرتے تو یقیناً ہر عمل حب آپکو قانوناً صحیح معلوم ہوتا اور استعمال کرنے پر تاثیر ظاہر کرتا۔ مگر پھر بھی ہم آپکو طاقت ور ترین عمل حب سورۃ الکوثر تحریر کر دیتے ہیں بوجہ خاص نسبت اور تابعدار شاگرد ہونے کے مگر روپے اور دنیا کو پیش نظر نہ رکھنا، جائز جگہ پر ہی عمل کرنا، آپ میری کتاب میں سے کوئی بھی آتشی تعویز پسند کر کے بمعہ مقصد ونام بمعہ والدہ جانبین ۴۱ عدد تحریر کریں عروج ماہ قمری بروز جمعہ پہلی ساعت میں اور انکے فلیتہ جات تیار کر کے چراغ روشن کریں خوشبودار تیل سے اور ایک فلیتہ جلا کر ۴۱ سیاہ مرچ لیں اور ہر مرچ پر ۴۱ مرتبہ مندرجہ ذیل عمل پڑھ کر مرچ کو جلائیں چراغ کی لو میں پہلے ہی دن اثر ہو روزانہ ایک فلیتہ جلائیں اور ۴۱ مرچ سیاہ لیکر ہر مرچ پر ۴۱ مرتبہ عمل پڑھ کر دم کرتے جائیں اور جلاتے جائیں یہ عمل مسلسل کریں وقت اور جگہ کے تعین کے ساتھ سخت سے سخت دل

Scanned with CamScanner

اور ضدی و گمنڈی مطلوب بھی خود عاشق ہو جائے ایک بار کا عمل عمر بھر کا ساتھ۔

عزیمت عمل یہ ہے۔

اجب یا جیرائیل بحق انااعطینک الکوثر فلانه (مطلوب) کر مسخر

اجب یادردائیل بحق فصل لربک وانحر (نام بمعه والده) کر مسخر

اجب یارفتمائیل بحق ان شانئک هوا لایئر فلانه (مطلوب) کر مسخر

اجب یا تنکفیل بحق بدوح فلاں بن فلاں کو فلانه کی محبت میں کر حاضر چاروں طرف کرو کام یا بدوح یابدوح یابدوح

آخری میں فلیتہ جات اور مرچوں کی راکھ مطلوب کے گھر یا راستہ میں ڈال دے۔ بہتر ہے کہ مرچوں کی راکھ کسی طرح مطلوب کو پلا دے یا کھلا دے اور فلیتہ جات کی راکھ گھر یا چوکھٹ میں ڈالے۔

والسلام

دعا گو پیر محمد سعد اللہ الروحانی البرق

خط وکتابت کیلئے

پوسٹ کوڈ نمبر 61010

148/A بورے والا

فون نمبر: 0300-6997148

محمد سعد اللہ الروحانی البرق